مین افسوس کہ کم فرصتی جناب کو مانع ہوئی اون باتون کی جواب سی جنکا ذکر مینی اپنی خط سابق مین
کیا اگر کثرت اشتغال کی سبب جناب کو سب باتون کا ایکدم سی جواب دینا ممکن نہو تو عند الفرصت
ایک ایک کا جواب بھیجی اور پھر مولوی آل حسن صاحب کے خط محررہ ۴ فروری سنہ ۱۸۴۵ع کی قدح
مین یون لکھا تھا صاحبان عقل کی نزدیک یہہ بات گریز کا ذریعہ نہین سمجھی جائیگی بلکہ اونکو
معلوم ہوگا کہ مولویصاحب نے صرف عاجزی کی راہ سی یہ بات لکھی ہی پس ظاہر ہی کہ اگر اونکی بار بار
جوابدینا جناب کشتیس کی مقدور ہوتا خواہ مسطورہ کہ سبکا جواب ایکبار ادا کرسکتی یا مسطورہ کہ
عند الفرصت ایک ایک کا جواب بھیجتی تو ایسا عذر جسکی سبب سی صاحبان عقل کی نزدیک جھوٹی ہوئی
اور وہ اونکی گریز کا ذریعہ نہ بن سکا بلکہ صرف عجز پر محمول ہوا کبھی جوالہ قلم نکلتی الحمد للہ کہ وہ
جوش خروش جناب کشتیس کا مثل آب آل ہانڈیکی ناپائدار تھا اور جلد فرو ہوگیا خیر جو کچھ ہوا سو
اچھا ہوا اب بھائی مسلمانون بلکہ خاص و عام کی اطلاع کی واسطی یون مناسب جانتا ہون
کہ جناب مولویصاحب اور جناب کشتیس کی خطون کو بعینہا نقل کرکی بعد اوسکی کچھ اپنی طرف سی
لکھون تا کہ حقیقت حال سب پر منکشف ہوجاوی لیکن جو دوسرا خط جناب مولوی صاحب کا
جناب کشتیس کی نام اول خط کی سب مضمون پر مشتمل تھا تو اول خط کا نقلکرنا محض فضول
سمجھہ کر اوسکو چھوڑ دیتا ہون اللہ اپنی اعانت سی اس رسالہ کو اختتام کو پہنچا دی اور
اسکی مولف کا خاتمہ بخیر کرکی اپنی رحمت کاملہ سی اوسکو نصیب دارین عطا کری و رہو ائی دارین

سی بالکل محفوظ رکہی آمین آمین آمین   دوسرا خط جناب کلوگ صاحب کا
جناب شمس ہند صاحب کی نام ہو الله لا اله الا هو جناب پادری صاحب
والا مناقب بہین کشیشان نامدار عمدۂ علمار مسیحیان ذوی الاقتدار سلامت ۱۳
ذیحجہ روز دوشنبہ کو ایک قطعہ عریضہ نیاز کا آپ کی سالہ مباحثہ کی بیان حال مین بسبیل
ڈاک بیرنگ روانہ کیا تہا جو تہانہ دار صاحب نی بکمال احتیاط اوسیدکی لفافہ روزنامچہ
مین میرے آدمی کی سامہنی ملفوف کرکی روانہ مظفرنگر کردیا تہا تو اصلی یقین کلی ہے
کہ مظفرنگر سی آپ کی خدمت مین پہونچا ہوگا اور آپنی اوسکو لے لیا ہی ہی وگرنہ جو بیرنگ
تہا یقینا اولٹا آتا مگر جو طریقہ جناب کا پہلے خطوط مین جو تہا یعنی میری اور آپ کی جانب سے
ہوتی ہی یہ تہا کہ میری خط کا جواب ہان یا نہ سی فی الفور عنایت ہوتا تہا اور مینی اوس عریضہ
مین یہہ بہی عرض کیا تہا کہ بر تقدیر مہینے یا دو مہینے کی مہلت مطلوب ہو تو عنایت نامہ
کی ذریعہ سی اوس سے مطلع کیجی گا کہ اوس مدت تک منتظر رہون تو اس لحاظ سی کبہی یہ
خیال آتا ہی کہ شاید سبب دیر کا یہ ہو کہ تہا عریضہ نہ پہنچا یا گمنام کا آپ کی خیال مین نہ رہا ہو لیکن یہ
خیال بہی کچہ نہین کیونکہ بڑی تصریح سی اوس عریضہ کی اخیر مین نام مع قوم ہی اور کبہی یہ
وہم دل مین گذرتا ہی کہ شاید میرے عریضہ مین کوئی لفظ غیر مناسب آپکی زعم مین معلوم
ہوا ہو اور اوس سبب سی خاطر مبارک مکدر ہوئی ہو لیکن یہ وہم بہی بالکل ایک بیجا وہم ہے
اور کئی وجہ سی بطلان اوسکا ثابت اول یہ کہ مینی اپنی دانست مین ایک کلمہ بہی خلاف
واقع اوسمین نہین لکہا اور سچ کبہی قابل رنجش نہین ہوتا کہ اہل عقل اور ایمان اوس سے
مکدر ہوین دوسری یہ کہ بموجب قول جناب مسیح کی جو ورس ۳۴ باب ۸ مرقس اور ورس
۳۴ باب لوقا مین مرقوم ہوا ہے اور نسبت اسکی جناب مسیح کی طرف آپکی زعم مین یقینی ہی

یقینی ہی نفس کشی واجب ہی پس موافق اوسکے اگر کوئی سچا مسیحی ہووےگا نفس کش ہووےگا اور مصلحتا
مین وہ کبہی کسی کلمہ خفیف کو باعث کدورت خاطر نگروانیگا چہ جائیکہ اوسکی سبب مباحثہ
کیسی خیر کو چہوڑدے کیا اچہا قول مشہور ہی ع دریای فراوان نشود تیرہ بسنگ یعنی زاہد
کہ بیحد بسنگ آلوده نہووے اور جو سچا مسیحی نہووی تو اوس سی کچہ تعجب نہین کیونکہ وہ شقی تو
فقط ظاہر ہی مین منافع دنیاوی کیلئی حضرت مسیح کو خدا و خداوند کہتا ہی اور باطن مین
اوس منافق کو کچہہ بہی عیسائیت سے نہین جیسا قول حضرت مسیح کا جو ورس ۴۶ باب ۶
لوقا اور ورس ۲۱ باب ۷ متی مین منقول ہوا ہے اور نسبت اوس قول کی بہی انکی
یقینی ہی اسکی دلیل یہی ہی اور آپ انکی تئین کو سچا مسیحی جانتی ہین پس ہم کیون ایسا گمان آپ
کی طرف کرین تیسری یہ کہ یہ طریقہ ہرگز مناظرہ کا نہین کہ کسی کلمہ خفیف کو خصوصا جس صورت
مین کہ وہ حق ہی ہووی اپنی زعم مین نامناسب سمجہکر اوسکو دستاویز قطع گفتگو کا کرینا
بلکہ طریقہ یہی ہی اوسپر جواب مین تعرض کسیکی یا تو ویسا ہی جواب دیوین یا اوسپر الزام لگا کر
مکافات بدی کا بدلا لینے کی ساتہ کرین اور یہی مجہو ہی جیسا ورس ۴۴ باب ۵ متی سے
اسی قسم کا حکم ثابت ہی پس ان وجوہ کا لحاظ کرکی سبب دیر کا مجہول الکیف اعتقاد
کرکی مناسب یون جانا کہ اوس مضمون کو کچہ تفصیل دیکہہ کر دوبارہ عرض کرون اور اسکی
بابت عریضہ نیاز کو معرفت جناب ڈاکٹر صاحب مخدومی اسسٹنٹ سرجن محمد رضا خان صاحب
کی روانہ خدمت عالی کرون لہذا اونکی معرفت روانہ کرکی بہت منت کرتا ہون کہ جواب
سی مشرف کیجیگا اور جواب گول گول اور مجمل نہ لکہیگا کہ مجہی پہر شکایت اسکی نکرنی
پڑی جیسی خط محررہ ۱۸ اپریل مین کرنی پڑی تہی اور اسطرحکی تحریر تو نشانی دغا بازی کی
جہالت اور اپنی عیب پوشی کی ہوتی ہی عذر نکرئی کہ آپ قصدا کبہی ایسی امر کو اختیار

کرین کہ بعض اوقات بلا قصد اتفاقاً سرزد ہوا ہو اور حال واجب الاظہار یہ ہی کہ رسالہ عنایتی
آپکا جسمین آپنی حال اس مباحثہ دینی کا جو فیما بین میرے اور آپکی اپریل کی مہینی سنہ حال
مین وقوع مین آیا تہا ضبط کر کی چہپوایا ہی معرفت جناب ٹیکر صاحب مستعطم الیہ کی میرے
پاس پہنچا اور تب بکمال شوق سی دیکہنی لگا تو اول صفحہ کی اندر عنوان مین یہ عبارت جو بمنزلہ
بسم اللہ ہی اس مباحثہ کا حال خیر خواہ ہند مین جو مرزاپور کا اخبار ہی مطبوع ہوا تہا اب
پادری ٹیکر صاحب کی معرفت کچہہ تصحیح و تفصیل پا کر دوبارہ چہپنی مین آیا اور پہر یہ عبارت
جو اوس صفحہ مین مرقوم ہی اسکی (یعنی مباحثہ کی) صحیح و مختصر خبر یون ہی دیکہکر بہت
خوش ہوا اور دلمین سمجہا کہ گو خیر خواہ ہند ہی فی الحقیقت اسکو بدخواہ ہند کہنا چاہیئی بسبب
بدخواہی کی وہ حال مجمل و خلاف واقع چہپا تہا مگر اب جو پادری صاحب نے اپنی اہتمام مین تصحیح
کرکی چہپوایا ہی غالباً وہ خرابی اور حال اسمین نہوگا لیکن جب آگی پڑہ کر دیکہا تو مضمون کو خلاف
عنوان کی پایا اور اوسکی پڑہنی سی کمال تعجب ہوا یا عجب خدا یا عجب صحت اور صدق پادریون کا یہ ہی
تو جہوٹ کیسا ہوگا کیا ہم کو اس دروغ بیفروغ اور اس بہتان سی شرم نہ آئی کیا بدنامی سے
نہ ڈرا کیا خدا کا خوف یکلخت دل سی نکال پہینکا افسوس افسوس صد ہزار افسوس کہ آدمی اس
حیات ناپائدار اور اس دولت سریع الزوال پر مغرور ہو کر کیا کیا کرتا ہے رفع کرنی میری
ملالت کی لیئی صاحب شریعت نی کہ عزیزون میرے سی ہیں اور دونون جلسون مین
موجود تہا کیا ہی بات برجستہ کہی تو کیون تعجب کرتا ہی اور دلگیر ہوتا ہی دیکہہ حضرات مسیحیون
مین تو ایک عادت قدیمہ ہی دوسری صدی والون نی ایک قاعدہ مقرر کیا تہا کہ راستی
اور خدا پرستی کی ترقی کی واسطی جہوٹ بولنا اور فریب دینا صرف جائز ہی نہین بلکہ قابل
[illegible] موشیم مورخ کی تحریر سے ظاہر ہوتا ہی اور ان حضرات نی قریب کچہہ

پچہتر انجیلوں اور ناقی اور مشاہدات جعلی بنا کر حواریوں اور تابعین حواریین اور اسقفوں
مشہور کی طرف اونکی نسبت کی تہی اگر اونیسوین صدی کے آدمی قاعدہ پر اونکی اطاعت کرکی ایک
رسالہ بنا ڈالیں تو کیا عجب ہی مین ہی سمجہا کہ یہ غریب بات تو شرح کہتا ہی اور یہ ہی سمجہا کہ تیرا کیا بگڑا
نفس الامر مین پادری صاحب کے لیے کچھ اپنا ہی کہو یا کہ جنہی اس رسالہ کو دیکہا بہت بہت کہا کیا ہی اچہا
بعض خدا پرست جزاہ اللہ خیرا نے بعد مشاہدہ اس رسالہ کی ارشاد کیا ہی کہ مجہکو صداقت پادریوں کی خیر خواہی
کی دیکہنی ہی کہل گئی تہی اب اوسکا معاینہ ہوگیا سچ تو ہی کیوں نہو کہ وہ مباحثہ مخالف اور موافق کی سیکڑوں
آدمی کی سامہنی ظہور مین آیا تہا اور اون سب کو یقینا معلوم ہی کہ کسطرح تہا اور بمؤدای قول حافظ
علیہ الرحمہ کی ع نہان کی ماند آن رازی کزو سازند محفلہا ہزاروں کو اونکی بیان و تحریر سی حال اونکے
عیاں ہو چکا ہی والحمد للہ کہ مجہکو بہی بہت سی فایدی مطالعہ اس رسالہ سی حاصل ہوی منجملہ اون
تین فایدوں کو لکہتا ہوں اول یہ کہ اگر پہر کبہی مجہکو یا اور کسی فاضل اسلامی کو کسی حضرت پادری صاحب
سی اتفاق گفتگو کا پڑیگا تو ایسی چوک نہوگی بلکہ اوسی جلسہ گفتگو مین اونکی ارشادات کو اونکی دستخط سی
مزین کیا جاییگا دوم یہ کہ جیسی ملایہ اور زمانہ گذرین کو جو اعتقاد اپنی واقفیت رکہتی ہین عقیدہ تحریف
کا اونکو پتا ہو گیا اور بحمد اللہ کہ اہل اسلام جسکا نام تحریف رکہتی ہین اوسکو حضرات اہل کتاب
مجسم خود دیکہتی ہین سوم یہ کہ جب ان مباحثہ مجمع عام کی ضبط پر ایسی ٹہہری تو اور رسالہ نقل
گفتگو کی جو پادری صاحبوں کی ساختہ اور پرداختہ ہین مثل رسالہ دافع الاباطیلین کی کہ اوسمین حال گفتگو
عبد المسیح عیسائی اور یوسف علی کا منقول ہی کیا ہی سچی ہونگی حق تو یہ ہی کہ وہی توجکا ہیون
الف لیلہ اور وقایع ہفت سیر حاتم اور قصہ جہاندار شاہ اور بہرہ ور بانو سی بہی بڑہ کر ہونگی
کیوں نہو تقویت دین کی لیی یہ سب مستحسن ہین وہ بہی اپنی خط محررہ ۲۳ اپریل مین اونکی
خدمتمین لکہا تہا کہ اگر آپ مباحثہ ضبط کرکی چہپواوین تو ضرور چہاپوں کا لحاظ رکہیں بہلا ایسا

یہ کہ ہماری بہی اصطلاحی نسخ کی ہنگی تصریح تمام ہینی جلسہ اول بین کی تہی مشرحاً لکہہ دیجی گا دوسری
یہ کہ اپنی اور میری خطون کو جو گفتگو زبانی کی قبل اور بعد تحریر ہوی ہین چہپوا دیجی گا تاکہ ناظر اوسکا
خود ہی معلوم کر لی گا کہ کون غالب رہا اور کون مغلوب اور کون خلاف داب مناظرہ کی کہتا تہا اور کون
اوسکی موافق تہا آپنی کیون ونکی موافق عمل نکیا اور کیون خطوط طرفین کو حرفاً حرفاً نہ چہپوایا اور کیون
آپنی میری اور ڈاکٹر صاحب کی تمام تقریر کو نہ لکہا سچ تو یون ہی کہ یہ امر خلاف قاعدہ صدری دوسرے
کی آپ اصلاح کر لی مگر الحمد للہ کہ اوس احتیاط نی سوای نقصان کی کچہ فایدہ نہ دیا بلکہ تمام حال
واقعی رسالہ بحث شریف فی اثبات النسخ والتحریف میں جو دلی مین چہپا اور پہلی حصہ مباحثہ
مذہبی کی اکبرآباد مین مطبع منصبہ کی اندر مطبوع ہوا ثبت یقین پر منجلی ہوگیا اگر فرمائی کہ ہمکو
اختصار منظور تہا تو یہ عذر تو کچہ نہین چلسکتی کہ آپنی اپنی تقریر مین ایسا ہی کیون نہ اختصار کیا بلکہ
بہت سی باتین جنکا ذکر جلسہ مین نہین آیا تہا اپنی تقریر مین درج کر دین گو بعض جا
اپنی حلقہ ہی کہ نہایت ظاہر کر دیا کہ انکا ذکر جلسون مین نہین آیا تہا مثلاً صفحہ ۳ کی سطر ۶ و ۷
اور سطر ۱۱ سی ۱۴ تک اور صفحہ ۴ کی سطر ا سی ۳ تک اور سطر ۷ سی ۱۵ تک البتہ اس پہلی بات کو
اپنی بعض خطون مین لکہا ہی مگر جلسون مین بالکل اپنی اسطرح نہین کہا اور صفحہ ۵ کی سطر
۱۳ سی ۱۶ تک اور صفحہ ۶ کی سطر ۲ سی سطر ۹ تک اور اسی طرح اور جا بجا تنہا قریب ۲ صفحہ کی اپنی
تقریر کی تائید مین لکہا اسصورت مین اگر ہماری سب تقریر اور خطوط نقل کرین کچہ رسالہ
اور بڑہ جاتا تو کیا ظلم ہوتا اور اسکی زلات کی کیا شرح کرون کہ ایک بڑی کتاب بن
جاتی ہی خط مین سب کا لکہنا مناسب سمجہہ کی بطور نمونہ کی آٹہہ موضع نقل کرتا ہون
بعد حصول جواب کی انشاء اللہ تعالی جو کچہ عرض کرنا ہوگا مفصل عرض کرون گا موضع
اول یہ کہ قول پادری فرنچ صاحب کا صفحہ ۱۴ اور ۱۵ کی اندرون سطور ہی کہ نسخ قدیم
نسخہ مقابلہ کرنیسی اکثر غلطیون کی تصحیح ہوئی یہان تک کہ فی الحال ہمارے پاس ثابت
شدہ رہی ہین اور اون کی مضمون مین کوئی ایسی بات نہین کہ انجیل کی کسی

کسی تعلیم یافتہ انگلش یا اردو ہی کو خلل پہونچے اور آخر صفحہ ۱۵ مین بطور حاشیہ کی اسجا

یون سی مباحثہ کی وقت مین آٹھہ دس جا ذکر ہوا اگر زیادہ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے

کہ آیات متشابہ چار پانچ سے زیادہ ہونگی یہ بہی ایک نوع کی تحریف ہی اسلئی کہ مباحثہ کیوقت آپکی اقرار کی موافق ہے آٹھ دس جا کا ذکر ہوا تہا نہ چار پانچ کا پس نقل تقریر مین آٹھ دس کو چار پانچ سے ساتھہ بدل ڈالنا صریح تحریف ہی جیساکہ اکثر جا اس رسالہ مین آپنے یہی طریقہ برتا ہی اگو اس لحاظ سی کہ اس قول فرنچ صاحب کو صدہا آدمیون نی سنا تہا اور اسکا بہت چرچا ہوا تہا اور جلسون مین اور اسی طرح اپنی خطون مین بہی اسکو کرات مرات نقل کیا ہے آپکو اسجا حاشیہ مین بطور عذر کی ظاہر کرنا پڑا اور اور قولون کو جو اپنی زعم مین ایسا نہ دیکہا تو نقل اونکی مین محرف پر اکتفا کیا اور اصل کو ہضم کر گئی لیکن اسجا اگر بنا جاری عذر کرنا تہا تو یون چاہیئے تہا کہ نفس تقریر مین بعینہ قول فرنچصاحب کو نقل کرتی پہر حاشیہ مین اوسکا عذر کرتی علاوہ اسکی اس جا ایک تحریف اور بہی ہی کہ فرنچ صاحب نی اسجا اون آٹھہ دس مواضع کی نسبت لفظ تحریف اور تبدیل کا بولا تہا چنانچہ بہت آدمیون نی سنا ہی اور اونکو بخوبی یاد ہی پس لفظ تحریف اور تبدیل سے جا لفظ متشابہ کو ذکر کرنا ہی ایک نوع سے تحریف ہی اور اسی سے قطع کر کی عرض کرتا ہون کہ آپ جواب عریضہ مین ارشاد کیجی کہ وے چار پانچ آیتین جواب زیادہ تحقیق سے موافق متشابہ ہین کونسی ہین مگر ارشاد آپکا مفصل ہو اور ہرگز ہرگز اجمال کو کار نفرمائی اسطور پر کہ فلانے انجیل یا نامہ یا مشاہدات کی فلانے باب کی فلانی آیت تمام یا اسقدر اور وجہہ اور دلیل اشتباہ کی یہ ہے اور مختار ہمارے علماء کا یہ ہے اور وہی چار پانچ آیتین منجملہ آٹھہ دس کی جنکو جلسہ مین فرنچ صاحب نے محرف بتلایا تہا اور اب آپکی تحقیق زیادہ سے وہی ایسی نہین کونسی ہین اور آپکی علماء سی کس کس نی اونکو محرف مانا ہی اور دلیل محرف ہونی کی موافق

زیادہ تحقیق سے کیا ہی اور جو یہ مواضع تحریف تو فقط عہد جدید مین ہین تو آپ نے اسکی
کہ اس بڑی تحقیق کے موافق عہد عتیق مین کتنی ہین مگر ان مین بہی ویسے ہی
تفصیل لحاظ رکہی گا جس کا ذکر اوپر گذرا کہ بعد اوسکے جو مجہی عرض کرنا
ہی کرون گا اور اس امر کا آپ سی بہی طالب ہون اور اسی امر کی بینی اپنی
خط محررہ ۱۹ اپریل مین درخواست کی تہی مگر اوسوقت آپ نے پہلو تہی کی
تہی غالبًا اوسکا سبب یہی ہوگا کہ اوسوقت آپکو اس امر کی زیادہ تحقیق نہوگی
اور اب تو وہ سبب نہین رہا اور آپ خوب تحقیق کر چکے ہین پس اب تو آپ پر
لازم ہی کہ اوسکا بیان کر دیجیے ورنہ بلاشبہہ ہم آپکے عجز پر حمل کرین
گی اور اگر یہ عذر ہو کہ خط مین اوس بیان کی گنجایش نہین تو ہم خط مین
اوسکے شرح نہین چاہتی ایک چہوٹا سا رسالہ جداگانہ اوس امر کے بیان مین
لکہہ کر بسبیل ڈاک عنایت کیجی بہرحال اگر اور باتون کا جواب دینا منظور نہو
تو آپ مختار ہین مگر اس امر کا جواب دیجیگا موضع دوم صفحہ ۲ مین سطر ۲ سی
۲۲ تک یون ہی مولویصاحب نے مباحثہ کے دوسری بات شروع کرکی اپنا یہہ
دعوی کہ توریت وانجیل تحریف وتبدیل ہو گئے پیش کرکی توریت کے
کئی ایک گذارشات کی طرف اشارہ کیا مثلاً نوح کی مے نوشی اور
ابراہیم کا بی بی کو بہن کہنا وغیرہ اور کہا کہ اس طرح کی گذارش قابل
اعتراض ہین اور دلالت کرتے ہین کہ توریت مین تغیر وتبدیل ہوئے
کیونکہ گمان سی دور ہی کہ ایسی بات اصل توریت مین ہو اور یہہ بات تو محض
افترا اور بہتان ہے اور دوسری مباحثہ کی بات ہرگز اس سے شروع نہین
ہوئی بلکہ ایسی گذارشات کو ہرگز مین دونون جلسون مین اثبات تحریف کی لئی زبان
پر ہی نہین لایا سبحان اللہ کیا بیباکی ہے ہمکو امید نہ تہی کہ حضرات پادری

باوری خصوصاً آپ ایسی صفات کی ساتھہ ہی متصف ہین اری سے خود غلط
بود انچہ ما پنداشتیم اگرچہ یہ امر نہایت بعید معلوم ہوتا ہی تو شاید یون ہو کہ
جیسی کا نسون سے کے فساد سی قصداً یا سہواً بعضی جا عہد جدید اور عتیق مین
آیات سے کے آیات بڑہ گئین اور بعضی جا گہٹ گئین اور بعض جا لفظ سے کے
لفظ اور جملہ کی جملی بدل سے گئے اور موافق آپ سے کے مختار کی ایسی اختلاف
کی نوبت عہد جدید مین تیس ہزار کو پہنچی تو اس سالہ مین سے ہے کہ یقیناً
اسکی محافظت مین محافظت مقدس کتابون سے کے نہ تہی وہی فساد کاتب
کا پڑا کہ اوسنی یا تو قصداً یا سہواً صفحہ اول سے کے سطر ۲ مین آپکا کچھ بڑہا دیا
ہوگا یا اور کی نام کو آپ کی نام سے بدل ڈالا ہوگا اور اگر نام اب کا صحیح
ہو تو اوس کاتب یا مصحح ناخدا اندیش نی آپ کی مسودہ مین تحریف
کر کی بعضی جا سی سطرین سے کے سطرین نکال ڈالین ہونگی اور بعضی جا بین بڑہا
دی ہونگی اور اس جا بہی سطر ۲ سی سطر ۴ تک اوسی ناخدا اندیش سے کے
تحریف ہی وگرنہ جب دونون جلسون مین ایسی گذارشات بیان نہوئے
ہون تو دلیل بیانی کی ابتدا مین کہان گنجایش اور آپکا جواب جو اسکی
بعد سطر ۵ سی ۴ تک مذکور ہوا کہان سے آیا آری مقدمہ ازالہ الاوہام
کی فایدہ اول کی اندر اس قسم کی پچاس ساٹھ گذارشات الزاماً باین
لحاظ نقل کی گئی ہین کہ یاد رہے لوگ جو اپنی زعم مین طعن بعض روایتون
حدیث یا اہنیون قران یا ذات خیر البشر صلعم پر کرتی ہین ان گذارشات خانگی
اپنی کو بہی دیکہین اور ہر نسخہ ازالہ الاوہام بعینہ بہی سینی اون سب کو دلیل تحریف
کی نہین بنائی ہان اس قدر ہی کہ جب میری نزدیک تحریف اور دلیلون سی
ثابت ہی اون روایتون سی بعض روایتون کو مثل اسکی کہ لوط ع نے

حالت نشہ مین اپنی دونون بیٹیون سی زنا کیا اور وے دونون زنا سی حاملہ
ہوکر دو بچی جن بیٹہین جنکی نسل سی مواب اور بنی عمان اولاد ہین جیسا باب ۱۹ انیسوین
پیدایش مین مرقوم ہی اور مثل اسکی کہ سلیمان ؑ جنکو آپ بہی نبی مانتی ہین
بڑہاپی مین بت پرستی کرتی تہی اور بتخانہ بنوائی اور بدی کرکی خدا کی نظر سے
گرگئی جیسا باب گیارہوین کتاب اول سلاطین مین ہی اور مثل اسکی کہ داود ؑ
صاحب زبور نی اوریا کی جورو پر عاشق ہوکر اوسی زنا کیا اور وہ زنا سی حاملہ ہوکر
بچہ جنی اور اوسکی خاوند اوریا کو فریب سی لڑائی مین مروا ڈالا جیسا باب
گیارہوین کتاب دوم سموئیل مین ہی تہہنیا کا ذب جانتا ہون غضب خدا
کا جب نبی بت پرستی کرے اور بتخانہ بنواے تو جہوٹ بولتی خدا پر اوسکو کیا
لگتا ہی بلکہ حقیقت یہہ ہی کہ شروع دوسری بات کی وقت اول آپسی مینی
پوچہا تہا کہ آپ کوئی قاعدہ بتلائی کہ اگر اوسکی موافق ہم تحریف ثابت کردین
تو آپ مان لین اپنی اسس امر سی انکار کیا پہر ایک بات اور پوچہی اوسمین یہہ بہی
اپنی انغماض کیا اوسکی بعد مینی والٹن اور ہارن کی تفسیرون سی نقل کرکی کہا
کہ یہہ مفسرین لکہتی ہین کہ جناب جسٹن شہید طریفون کی مقابلہ مین دعوی
کرتی تہی کہ یہودیون نی کتب مقدسہ مین تحریف کی اور اربینیوس اور گریب اور
سلبرجیس اور ڈاکٹر کلارک اور دوسری شکیبنی اونکی تصدیق کی ہی اوسپر آپ نی
فرمایا تہا کہ ان سی سہو ہوا بعد اوسکی مینی تفسیر ہنری اور اسکاٹ سی نقل
کیا کہ جناب اگسٹاین اور آپ کی جمہور علماء سلف مدعی تہی کہ بزرگون کی تفسیر
کی سالون مین یہودیون نی تحریف کی ہی اوسپر آپنی بعد نقل قال کی یہہ فرمایا
کہ ان سب کی قولون سی مسیح ؑ کا قول معتبر زیادہ ہی اور آپنی اون قولون کو نقل
کیا جو صفحہ آٹہوین مین اسس رسالہ کی لکہی ہین اوسپر ڈاکٹر محمد وزیر خان صاحب

نی قدح کرکی فرمایا کہ مسیح علیہ السلام کی اس گواہی سی آپکا مطلب نہین نکلتا بلکہ فقط
اتنا ثابت ہوتا ہی کہ یہہ کتابین اوسوقت مین تہی جیسا کہ پہلی نی کہ آپ ہی اونہیکی
کتاب کو معتبر سمجہکر حل الاشکال مین استاد کی کتابون مین گنتی ہین تصریح کی
ہی اور اسکا ڈاکٹر صاحب نی اپنی تقریر کو بسط کیا تہا جسکو اپنی صفحہ نوین مین
ناقص طور پر نقل کیا ہی آپنی فرمایا کہ نہین شہادت مسیح کی عام ہی اور ہم
اسکا پہلی کو نہین مانتی اور اوسمین قیل قال رہی بعد اوسکی ڈاکٹر صاحب
نی آیتہ ۱۷ باب اول متی کی کہ یقیناً غلط ہی پیش کی اوسپر بعد قیل قال کی
آپنی فرمایا کہ غلطی اور چیز ہی اور تحریف اور چیز اوسپر ڈاکٹر صاحب نی فرمایا کہ
کلام متی اگر وحی کی موافق ہیے تو ممکن نہین کہ اوسمین غلط لکہا جاتا بلکہ
کسینی پیچہی سے غلط کر ڈالا اور اگر کلام متی موافق وحی کی نہین تو ہمکو اور
گنجایش ہی اوسپر آپنی وہی جواب اول ارشاد کیا اور قیل قال ہوئے پہر
ڈاکٹر صاحب نی آیتہ ۲۸ و ۲۹ باب ۵ نامہ اول یوحنا کی پیش کی اوسپر بموجب اسکے قول
مشہور حق برزبان جاریست بلاتحاشی آپکی زبان مبارک سی نکلا کہ ہان اسمین اور
اسیطرح اور دو تین جا تحریف ہیکے ہم بہی قایل ہین اور جناب پادری فرنچ صاحب
آپکی شریک نی بمقتضای انصاف اس سی بہی ترقی کرکے فرمایا کہ بلاشبہ تحریف
و تبدیل کتب مقدسہ مین سات آٹہہ جا اور اسیطرح سہو کاتب بہت جا واقع ہیکے
چنانچہ اوسوقت باشارہ مولوی امیر اللہ صاحب اور مولوی قمر الاسلام صاحب
امام مسجد جامع کی منشی خادم علی صاحب مہتمم مطبع الاخبار نی الفاظ تقریر
آپکی اور آپکی شریک کی قلمبند کیا اور ڈاکٹر صاحب نی فرمایا کہ آپکی علماء
سی بعض نی سہو کاتب ایک لاکہہ پچاس ہزار اور بعض نی تیس ہزار
لکہی ہین آپکا مختار کیا ہی فرنچ صاحب نی ارشاد کیا کہ شاید بیس ہزار [illegible]

قیل قال ہوئی اوسپر آپنی تین دفعہ مفتی محمد ریاض الدین صاحب کی طرف
مخاطب ہوکر فرمایا کہ مفتی صاحب تمہین انصاف کرو کہ ایسی امرون سے
کتاب کی مقصود اصلی مین نقصان نہین آتا اوسپر مفتی صاحب نے فرمایا کہ مجکو
منظور تہا کہ مین کچہہ کہون مگر جب آپنی کئی بار ارشاد کیا تو کچہہ کہتا ہون کہ آپ
فرمائی کہ جس صورت مین مدعی کوئی دستاویز پیش کری اور مدعی علیہ
کہی کہ فی الحقیقت دستاویز اسکی پاس ہی مگر اوسمین جعل ہوگیا ہے
اور مدعی اوس سی بہت ہی انکار کری اور اوسپر مدعی علیہ اوسکی بعض جعل کو
پکڑ دی اوسپر مدعی کہی کہ ہان یہہ جعل تو بیشک کیا مگر اصل مقصود مین جعل
نہین کیا تو وہ دستاویز سند رہی گی یا نہین اوسپر آپنی فرمایا کہ تمہین
کہو مفتی صاحب نی اشارہ جناب اسمتھ صاحب بہادر کی طرف کرکی کہا کہ ہماری
حاکم صدر کی رونق افروز ہین انسی پوچہو مگر اسمتھ صاحب بہادر نی اوسپر کچہہ
ارشاد نکیا اوسکی بعد مفتی صاحب نے کہا کہ ہماری نزدیک تو وہ سند نہین رہتی پہر
پوچہا کہ جو چالیس ہزار سہو کاتب آپکی نزدیک مسلم ہین اونکی کیا معنی ہین
فرمایا کہ اون سے کے یہہ معنی کہ بعض نسخون مین ایک عبارت ایک طرح سی اور
بعض نسخون مین دوسری طرح سی واقع ہوئے ہین مفتی صاحب نی فرمایا کہ
ہم اون اختلافون سی مثلاً دو اختلافون کو لیکر پوچہتی ہین کہ آپ اوسمی
جزماً کہہ سکتی ہین کہ یہہ عبارت کلام اللہ ہی اور یہہ عبارت نہین آپنی
فرمایا کہ نہین مفتی صاحب نی کہا کہ جب آپکی نزدیک سات آٹہہ جا تحریف
قصدی مسلم ہوئی اور چالیس ہزار اختلاف عبارت ایسی نکلی تو مسلمانون
کا دعوی کچہہ اس سی زیادہ نہین اسلئی وہی اسی قدر کہتی ہین کہ اسمین
تحریف ہوئی ہے اور یہہ مجموعہ مابین الدفتین سب کلام اللہ نہین

نہین ہوا پس تقریر مفتی صاحب کو صدہا آدمیون نے سنا ہی اور یہہ جیسا امر
جو مفتی نے اسموضع مین بطور اختصار ذکر کیے فقط جلسہ اول مین فقط تحریف
کی بابت مذکور ہوئین آپ نے تہی اور نسخ کی بابت اوسی جلسہ مین اور تحریف کی بابت
دوسری جلسہ مین اور جو امر دوسری تک مذکور ہوئے ہین وہی سب علاوہ
اسکی ہین آپنی ایک کو بہی اسمی مفصل نقل نکیا بلکہ تحریف مین ایک قول فرضی
میری نسبت کرکی اوسکا جواب فرضی ذکر کیا سبحان اللہ کیا اچہا اختصار ہی
کوئی خلاصہ کرنا اور مختصر کرنا آپ ہی سی سیکہی موضع سیوم صفحہ ۳۴ مین
سطر ۱ سی ۱۴ تک یون ہی مولوی صاحب نی مباحثہ کی وقت اپنی دعوے
تحریف ثابت کرنی کے لیی توریت اور انجیل کی بعض آیات کی مضمون
پر اشارہ کرکی کہا کہ اسصورت مین کہ انکی مضمون میرے نزدیک درست
اور مناسب نہین بلکہ قابل اعتراض ہین پس واضح ہوتا ہے کہ دیے
آیات اصل توریت اور انجیل مین نہی بلکہ پیچہی سی داخل کیے گئی ہین پہر
یہہ بہی مثل موضع دوم کی خلاف واقع ہے جیسا کہ اسکا موضع دوم مین
گذرا موضع چہارم یہہ کہ صفحہ ۲ مین ہی مباحثہ ان باتون پر ہوا پہلی انجیل
کی نسخ اور تحریف پر آخر یہہ بات خلاف واقع ہی کیونکہ گفتگو نسخ اور تحریف کی
ساری مجموعہ بیبل پر تہی اور خطوط جانبین مین ہرگز تخصیص انجیل کی نہین
ہوئی اور آپ اپنی تصنیفات مین ہی منع ہوئی نسخ کی کتب مقدسہ مین کیا عہد عتیق کی کتابین کیا عہد
جدید کی کتابین قابل ہین چنانچہ فصل دوسری باب اول میزان الحق کی عنوان مین یون لکہتی ہو دوسری فصل
اسبات مین کہ انجیل و عہد عتیق کی کتابین کسی وقت مین منسوخ نہین ہوئی ہین پہر آخر صفحہ اوس
فصل مین ہی کہ پورا ایسے اور نئے عہد کی کتابین نہ منسوخ ہوئے

ہین اور نہ ہونگی البتہ جب مینی معنی نسخ کی بیان کئی اور آپکو اوس معنی کی
موافق سوای اقرار نسخ کی عہد عتیق کی کتابون مین کوئی چارہ نظر نہ آیا
اوسپر آپ اپنی بچانی کیلئی عہد عتیق کی کتابون کو چہوڑکر عہد جدید پر آئی
تہی اوسپر مینی اور ڈاکٹر صاحب نی بار بار کہا تہا کہ آپ تخصیص عہد جدید
کی کیون کرتی ہین چنانچہ دونون جلسون مین آپ مرات اس بات
کو ہم زبان پر لائی تہی اور حاضرین نی اوسکو سنا ہی اور خط محررہ ۱۶
اپریل مین مینی آپکو لکہا تہا شرط دوم آنکہ کلام ما از اول بر مجموعہ بیبل است
نہ وقف بر عہد جدید از جہت در ہر دو جلسہ بکرات مرات ایں معنی بر زبان ما مسلمین
و در خطوط نیز یقین ہم مباحثہ در مطلق نسخ و تحریف قرار یافتہ نہ در نسخ و تحریف عہد
جدید فقط لہذا گذارش آنست کہ تا اختتام مباحثہ دران دو مسئلہ مذکورہ ہرگز
تخصیص عہد از جانب سامی نشود اور اپنی اوسکی جواب مین اگرچہ اس شرط
کو نہین مانا تہا مگر اسکا انکار نہین کیا تہا کہ کلام اول مین مجموعہ بیبل پر تہی
نہ عہد جدید پر موضح ہم یہہ ہی کہ یہہ صفحہ ۲ مین اور سطر اول صفحہ ۳
مین ہی پہلی دن کا مباحثہ اس طرح شروع ہوا کہ پادری فنڈر صاحب
نی حاضرین سی وی مطالب اور قاعدی بیان کئی جنپر فضا سی طرفین
قرار پاچکی تہی بعد اسکی مولوی صاحب سی عرض ہی کہ اون دلیلون
کو پیش کیجئی جنکی مطابق آپ انجیل مقدس کو منسوخ جانتی ہین یہہ کلام
مجمل اور موہم خلاف واقع ہی اسلئی کہ مطالب اور قاعدہ کا ذکر اسمین مجمل
ہی اور یہہ سمجہا جاتا ہی کہ بعد اس بیان کی اول کلام جو شروع ہوا
یہی تہا کہ آپنی میرسی طلب اون دلیلون کی کی جنکی مطابق ہم انجیل
کو منسوخ جانتی ہین حالانکہ حقیقت یون ہی کہ اولاً آپنی بیان مطالب کا

کا مطابق اپنی خط محررہ ہفتم اپریل کی کیا اور مباحثہ مطلق نسخ اور
تحریف مین بیان کیا اور ہرگز تخصیص عہد جدید کی اوس بیان مین
آپ سی نہ ہوئی اسی سبب سی ہمنی اوسوقت کچہ قدح نکی تہی اور
عبارت آپکی خط کی یون ہے وگفتگوی مسایل متنازعہ بدین ترتیب خواہد
بود کہ اولا چنانکہ مقصود وسامی ست بر نسخ وتحریف والوہیت وتثلیث انجناب
متعرض شدہ مجیب بعد بر نبوت پیغمبر اسلام شدہ متعرض و انجناب مجیب
خواہند بود اوس رسالہ مین یہہ ہے چاہئی تہا کہ اولاً بیان ون مطالب کا
ذکر کر دیتی تاکہ کسی کو دہوکا نہوتا اور جب آپ اس بیان سے فراغت پاچکی
اول کلام مین شروع کیا اسطور پر کہ آپ فصل دوسری باب میزان الحق
کی اول مین صفحہ ۹۰ کے اندر یون لکہتی ہین اس باب مین قران اور اوسکی
مفسرین دعوی کرتی ہین کہ جس طرح زبور کی آنی سی توریت اور انجیل
کی ظاہر ہونی سے زبور منسوخ ہوئی اوسی طرح انجیل بہی قران کی ظاہر
ہونی سی منسوخ ہوگئی پہر صفحہ ۲۰ مین یون لکہتی ہین پہر اسحالت مین محمدیون
کا دعوی بی اصل اور بیجا ہی جو کہتی ہین کہ زبور توریت کو اور انجیل دونون
کو منسوخ کیسلئے ہی پس ان عبارتون کی موافق آپ لکہتے ہین کہ قران
اور اوسکی تفسیرون مین مذکور ہی کہ زبور ناسخ توریت کے اور منسوخ
انجیل سی ہے آپنی یہہ بات قران کی کس آیت مین دیکہی ہے
اور اسیطرح کس تفسیر مین ہی اسلئی کہ قران مین کہین اس امر کا ذکر
نہین اور تفسیرون اور کتب اسلامی مین اسکی خلاف پایا جاتا ہی اور
اوسکے ایک مینی عبارت تفسیر عزیزی اور تفسیر حسینی اور شرح قصیدہ ہمزیہ
کی پڑہی جسکی نقل مبحث شریعت مین ہوئی ہے اوسپر آپنی تسلیم

اپنی غلطی کی کچھہ نہین آیا اور اوسکو غلط ماننا پڑا اب اوسکی پیچھی معنی ناسخ
مصطلح اسلامی کی بیان ہوسکے پہر اوسپر کلام اور شروع ہوا اور ظاہر
ہی کہ جب سہری سی عجیب غلط نکلا تو اوسپر جو اپنی تقریب و تصنیف کی
اپنی زعم مین دلیلین لکہین ہین جو قبیل بنا فاسد علی الفاسد سی ہین سب
عبث اور بیہودہ ہین اسلئی آخر گفتگو نسخ کی مینی عرض کیا تہا کہ یہہ توضیحی
کہ تم نی اپنی لکہی ہین واجب الاخراج ہین انکو نسخ مصطلح اسلامی سی کچھہ
علاقہ نہین اور پہر عرض کرتا ہون کہ اگر لا علمی معنی نسخ مین آپ سے
وہ تحریر ہوئی آپ معذور تہی مگر جواب اون معنون سی واقف ہوکر بہی طعن
کرو گی تو معذور نہو سکے گے اور اون توضیحون کو نکال ہی ہیکی آئیندہ آپ مختار ہین
موضع ششم صفحہ اٹہارہ ۱۹ مین سطر ۶ ایک یون ہے مولوی صاحب نی
ایک طول طویل خط لکہا جسمین اونہون نی مباحثہ کی بابت چار نئی شرط
پیش کین اون مین سی پہلی یہہ ہے کہ طرفین کی بیان وکلام قلمبند
ہون اور ایک دوسری کی نوشتہ کی صحت پر دستخط کردی پادری صاحب
نی منظور کیا لیکن جب مولوی صاحب نی مباحثہ کی احوال کا اپنا احوال
اوسکی پاس گذرا تا کہ دستخط کری تو اس لحاظ سی کہ بیان مباحثہ بالکل
ایک طرف کا تہا اوسکو دستخط سی انکار کرنا پڑا اور اوسیطرح مولوی
صاحب کو پادری صاحب کا بہی بیان منظور نہوا ایسا معلوم ہوا کہ اس
شرط پر عمل کرنا امر محال ہی مینی اوسی خط محررہ ۱۶ اپریل مین صاف
لکہا تہا کہ جو دونون جلسون کی ہماری کلام سی آپ کی مفید ہو آپ و اسکو
لکہہ کر پیش کرین کہ ہم اوسپر دستخط کردین اور جو ہم آپکی اور پادری فنڈر صاحب
کی کلام سی اپنی حق مین مفید سمجہین لکہہ کر پیش کرین آپ اوسپر دستخط

دستخط کردین پس اگر یہی بعد اوسکی بعض باتین اپنی مفید مطلب لکہہ کر اسپر
دستخط کی تہی تو کیا خلاف مناظرہ کیا تہا اور مینی آپکی تحریر پر دستخط کرنے
سی انکار نہین کیا تہا مگر جو تو جا اوسمین اجمال تہا اور اوسی وہ مطلب نہین کہلتا
تہا جسکا ذکر جلسون مین آیا تہا تو مینی اپنی خط محررہ ۱۹ اپریل مین اونکی تشریح
چاہی تہی اور آپنی نکی پس الزام آپکی ذمہ ہے نہ میرے قطع نظر
اوسکی کہ آپ میری اوس بیان کو بیان تکلف لکہتی ہین نہ غلط اور آپنی آگے
یہی اوسکی جواب مین کسی امر مین فسخ لکہی تہی کہ یہہ غلط ہے پس یہہ دلیل
ہی کہ صداقت اوسکی آپکی نزدیک مسلم تہی پس مین پوچہتا ہون کہ جب وہ
آپکی نزدیک صحیح تہا وقت نقل گفتگو فریقین کی اوس سب کو آپنی
کیون نہین نقل کیا اور عبارت میری خط محررہ ۱۶ اپریل کی جسکا آپ حوالہ
دیتی ہین یہ ہی ہے پس شطرحین ضبط میخواہیم کہ ہرچہ در دو جلسہ از اقرار و کلام ما
مفید مسائی باشد نوشتہ پیش فرمایند کہ ما بلا عذر دستخط خویش بران ثبت کردہ
دہیم و ہرچہ از کلام جناب پادری فنڈر صاحب مناسب دانیم نوشتہ پیش کنیم
آنجناب پادری صاحب ممدوح انرا از دستخط خویش مزین فرمایند مثل آنکہ دعوی
جناب کہ در عنوان فصل دوم میزان الحق مرقوم ست و دران نسبت بسوی قران
و تفاسیر فرمودہ اند غلطست و غلطی آن مسلم جناب شدہ و مثل آنکہ جناب امکان
نسخ مصطلح اہل اسلام را پیدا کردہ بان معنی معترف نسخ در توریت شدہ و تسلیم
منسوخیت توریت دران مجمع چندبار بر زبان مبارک گذشتہ و کلام سابق اگر
بودہ ہمین بود کہ انجیل موافق قول جناب مسیح کہ ما از خاص و جناب از عام
میدانند منسوخ نخواہد شد مثل آنکہ بعد ازان جلسہ پادری فنڈر صاحب جانب سابق ہفت
ہشت جا از کتب مقدسہ اقرار تحریف نمودہ و آنجناب رضای خود بران ظاہر

فرمودہ اند و مثل آنکہ ہمدران جلسہ پادری صاحب ممدوح برفق مذہب مختار خود
چند جملہ را امر کہ ما اورا باختلاف عبارت و انتخاب بسہو کاتب تعبیر می نمودند اعتراف کردہ اند
و مثل آنکہ در جلسہ دویم انتخاب سہو کاتبان در کتب مقدسہ تسلیم فرمودند و بعد
التماس تفسیر آن سہو چنین کردند کہ اینہمہ اور یعنی کسی حاشیہ را گرفتہ داخل متن کردہ
باشد یا آیات را افزودہ یا آیات را انداختہ و این قسم تصرف در آیات پنج
شش جا خواہد بود یا بعض لفظ را بعض لفظ تبدیل ساختہ و این بسیار جا ست
یا تفسیر لفظی از جانب خود دران افزودہ و این عام است کہ درج و افزودن و انداختن
و بدل کردن قصداً باشد یا سہواً یا از روی غلطی و نادانی نزد ما از سہو کاتبان اند
و مانند این امور یک دو امر دیگر ہم اند کہ بر وقت پیش کردن فہرست مبارکہ خود امر
گذشت علاوہ اسکی آپکی اس قول سی پادری صاحب نی منظور کیا لیکن جب
مولوی صاحب نی مباحثہ کی احوال کا اپنا بیان اوسکے پاس گذرانا الخ ظاہر مین
یون سمجھا جاتا ہی کہ اولاً اپنی خط مین درخواست کی اوسپر آپنی اوسکو منظور کیا
بعد اوسکی مینی بیان مباحثہ کا ضبط کرکی پیش کیا حالانکہ یہہ غلط ہی کیونکہ
نوبت پیش کرنی اوس بیان کے نہین آئی اور فقط پانچ امر جو شرط ٹہرنی کی
شرط اول کی بیان مین اوس خط کی اندر آپکی نظر سی گذرے اونہین دیکھہ
کر آپ گھبرا گئی تھی اور بسبب قطع ہو جانی گفتگو کی فہرست مباحثہ کی
جسکا وعدہ آخیر شرط اول مین تہا پیش نہین ہوئی پس ایسی قول عبارت سی
خلاف واقع کو وہم ہوا آپکو لکھنی مناسب نہی موضع ششم صفحہ ۱۳ کی سطر
۴ و ۵ مین لکھی ہو آپ یہی انجیل کی ایسی نسخے اصل زبان یونانی مین جو
ہین کہ محمد صلعم کی زمانہ سی پیشتر پادشتی قلم لکھی ہوئی ہین یہہ ایک دعوی محض

دوسری کی آخر مین سوا ہی اور مینی لغویت اس دعوے پر قلیح کرکی آپکو اپنی خط
محررہ ۱۹ اپریل مین تاکیداً لکہا تہا کہ اگر آپکی پاس اس امر کی کوئی دلیل ہو تو
پیش کیجی کیونکہ بعض کتب اسناد آپکی مذہب کی جو ہماری پاس موجود ہین اون
مین ہمنی اس امر کو دیکہا ہی مگر ہمکو کوئی دلیل ایسی نہین ملے کہ اوسپر اعتماد کیا
جاوی اور آپنی نہ اوسکی جواب مین کوئی دلیل لکہی تہی اور نہ اس رسالہ مین
اب کوئی دلیل لکہی پس معلوم ہوتا ہی کہ کوئی اس امر کی دلیل نہین ہی بلا دلیل
اغواے عوام اور ناواقفون کی لئی آپ اپنی تصنیفات مین لکہتی ہین کہ حضرت محمد
کی زمانہ سی پیشتر بائبل قلم لکہی گئی ہین ایسی بی سند اور بی ٹہکانی بات کو کوئی
احمق یا ناواقف ہی تسلیم کریگا اور پس صفحہ ہشتم ویریوس رنڈنگ
کی حق مین جسکا ترجمہ آپنی جلسہ اور صفحہ ۲۱ و ۲۳ اس رسالہ مین کا ثبوت لکہی
سہو اور غلطی کی ساتہہ کیا ہی آپنی ناحق کئی صفحہ سیاہ کئی اور ایک بات بہی
کام کی نہ لکہی اور مینی اوسی خط محررہ ۱۹ اپریل مین آپسی پوچہا تہا کہ تعریف
اسکی کیا ہی اور اڈیشن مین فرق ہی یا نہین آپکو اوسکی بیان مین لازم تہا
کہ تعریف اوسکی کرکی اسمین اور اڈیشن مین فرق بتلاتے یا سند معتبر ثابت
کرتی کہ دونون ایک ہی چیز ہین لیکن آپنی ان دونون امور سی ایک امر بہی
نکیا اور بالکل اوس بیان سی اعراض کرکی بیانات فضول مین صفحی کی
صفحی سیاہ کئی تہوڑا تہوڑا تعرض کرکی جو خط بند ہوگیا اسلئی اور بعض
اعراض کرکی گذارش کرتا ہون کہ ضرورت سی یاد فرمائی گا اور ہمیشہ مجکو کار
خدمات لائقہ سی آگی کو بہی یاد کیا کرتی رہیگا زیادہ نیاز محررہ ۲۳ ذیحجہ
سنہ ۱۲ ہجریہ مقدسہ نقل مہر مقام کرانہ ضلع مظفرنگر سی

جناب ٹولی صاحب کا خط جناب پادری فنچ صاحب کے نام

جناب پادری صاحب منبع الاشفاق مجمع الاخلاق جامع کمالات علمیہ سلامت
ان دنون مین وہ رسالہ جسمین دس مباحثہ کو جو اپریل کے مہینے سنہ حال مین
ہوا تہا جناب کشپس فنڈر صاحب نے ضبط کرکے اپنے اہتمام اور تصحیح سے
سکندرہ کے چہاپہ خانہ مین چہپوایا ہے میری نظر سے گذرا غالب یون معلوم
ہوتا ہے کہ اوسکا مسودہ آپکی نظر سے نگذرا ہوگا ورنہ یقین ہے کہ آپ ایسی تحریر
خلاف واقع پر رضا نہ دیتے پہلے اس سے خیرخواہ ہندمین کہ فی الحقیقت
بدخواہ ہند اوسکو کہنا چاہیئے حال اس گفتگو کا بالعکس چہپا تہا اگرچہ وہ بہی
تحریر متعدی سے تہے مگر بعض بہولے بہالون کی نزدیک مہتمم اوسکی ظاہر مین
کچہہ معذور رہا ہے اسلیے کہ وہ مہتمم اوسکے جلسون مین خود نتہے شاید اونہون نے
سنی سنائی لکہدیا ہوگا مگر تعجب یہہ ہے کہ پچہلے مہتمم اور مصحح اوسکی منصب
کے بیٹہے اور خدا سے نڈرے اور اونہون نے کیا ہی اچہا عمل درس ۲۵ باب ۴ یاسمین
افسیون پر کیا صدقہ جاے اس دیانت اور راست گوئی کی اگرچہ یہہ امر قابل شکایت نہین
اسلیے کہ آپکے تحریف ہرگز کتب مقدسہ کی تحریف سے بڑہکر نہین مگر باقتضاے
بشریت کبہی پیچ آجاتا ہے اور اسی لحاظ سے دو قطعہ نیازنامہ کی جناب کشپس
ممدوح کیخدمت مین روانہ کیے ہین اور اغلب ہے کہ جناب ممدوح اونکی جواب سے
ممتاز فرماوینگے لیکن آپکی خدمت مین یہہ گذارش ہے کہ اس رسالہ مین
صفحہ ۳۴ اور ۶۶ اکی اندر آپکی قول کی یہہ عبارت مرقوم ہے سب قدیم نسخہ مقابلہ
کرنے سے اکثر غلطیونکی تصحیح ہوئے یہانتک کہ صرف چار پانچ آیت مشتبہ رہی
ہین الخ اور آخر صفحہ ۵۱ مین بطور رسالہ کی اسجا لین پیشہ مباحثہ کے

کی وقت مین آٹھہ دس کا ذکر ہوا مگر زیادہ تحقیق سے معلوم ہوتا ہی کہ آیات مشتبہ چار پانچ سے زیادہ نہونگی آپ کی یاد ہوگا کہ ان مواضع کے نسبت آپنی لفظ تحریف اور تبدیل کا فرمایا تہا پس پادری صاحب نے اسمین تین باتین کین وہ تحریفین ایک یہہ کہ لفظ تحریف تبدیل کو مشتبہ کے ساتہہ بدل ڈالا تاکہ لوگ اشتباہ مین پڑین دوسری یہہ کہ لفظ آٹھہ دس جا کو چار پانچ کے ساتہہ محرف کیا اگرچہ اسکا عذر یہہ ہے بنا چاری حاشیہ مین کرنا پڑا تیسرے یہہ کہ اوس آپکی بات کو مخالف زیادہ تحقیق کے بیان کیا پس اب مین آپکی انصاف سی امید رکہکر پوچہتا ہون کہ جواب اس خط مین ان تینکے امرون سے ضرور مطلع فرمائی گا اول یہہ کہ آپنی اون مواضع کو محرف بتلایا تہا یا نہین دوم یہہ کہ آپنی اوس وقت اون مواضع مین موافق زیادہ تحقیق کی اقرار کیا تہا یا موافق تحقیق سرسری کے اور آپکی نزدیک اب وہی امر محقق ہی جو جلسہ مین ارشاد ہوا تہا یا موافق تحقیق کشیش ممدوح کے سیوم یہہ کہ وہی آٹھہ دس مواضع جو یہہ کونسی ہین جنکا ذکر جلسون مین کیا تہا بحوالہ درس اور باب اور کتاب ارشاد کیجی اور اگر اب یہہ آپکی تحقیق مین ہے ہو جو سابق ہی تو ان سب مواضع مین خوب تحقیق کی ساتہہ بیان کیجیے اور اگر پہلی سے موافق تحقیق کشیش ممدوح کی آپ کی تحقیق ہی بدل گئی ہو تو اون چار پانچ مواضع کو جنمین تحریف یقینی ہی مفصلاً معہ حوالہ درس اور باب اور کتاب کی ارشاد کرکے فرمائی کہ اون مین تحریف کس زمانہ مین کس شخص نے کس غرض کے لئی کی ہی اور اون مین سب لفظ محرف ہین یا بعض اور اگر بعض ہین تو کونسی ہین اور سوا ان چار پانچ مواضع کی اور مواضع با منجملہ آٹھہ دس فرماتے ہوئی جلسہ کی کیون ایسی محرف نہین اوسکی وجہ

کیا ہی چہارم یہہ کہ یہہ اٹہہ دس مواضع محرفہ کو فقط عہد جدید مین فرمایا تہا
عہد عتیق مین ایسے مواضع موافق بڑی تحقیق کی کہتی ہین اونکو بحوالہ درس
اور باب اور کتاب کی معہ وجہہ تحریف کی بیان فرمایئے اور ارشاد کیجئی کہ وہ
تحریف کس زمانہ مین کس شخص نے کس لئی کی ہے اور جو آپ نی وقت
مباحثہ کے اور اوسکی بعد بہی اس امر مین بڑی جستجو کی ہے تو آپ کو بہت
تلاش کی حاجت نہین اور خدا کے فضل سی آپ کی پاس کتابین اس
قسم کی بہت ہین ضرور بالضرور اسکی جواب سی پہلو تہی نکیجی گا اور جواب اسکا
جناب مخدومی ڈاکٹر محمد وزیر خان صاحب کے معرفت ارسال فرمادیجی گا اور اگر
کسی سبب سی مہلت مطلوب ہو تو بذریعہ عنایت نامہ بلا تامل تعین مدت طلب
فرمایئی گا کہ ہم اوس سے مطلع ہوکر برضا مہلت دیکر اوس مدت تک منتظر رہین
گی اور اگر عذر ہو کہ خط مین اس سبب کی گنجایش نہین تو ہم خط مین آپ سی نہین
چاہتی ایک چہوٹا سا رسالہ فقط اسی حال کی بیان مین لکہکر ہمراہ عنایت نامہ
کی بہیجدیجی گا اور از راہ مہربانی کی عذر نکیجی گا کہ اکثر بہائی مسلمانون سی ملنی کہ کہا
ہی کہ جناب فنڈر صاحب یعنی آپکو بڑی حمایت اپنی مذہب کی ہے اور یقیناً وہی
اسمین پہلو تہی نکرینگے بس وہی سب منتظر ہین زیادہ نیاز محررہ ۲۳ ذیحجہ
سنہ ۱۲۷۰ ہجری

نقل [illegible] فنڈر صاحب کا پہلا خط

جناب والا مناقب معالی مناصب مولوی رحمت اللہ صاحب سلامت بعد ما وجب عرض
یہ ہی کہ نامہ سامی مورخہ ۲۳ ذیحجہ پہنچا اور بندہ اوسکی مضمون سے آگاہ ہوا کہ
خلاصہ اوسکا یہہ ہی کہ آپ کی دانست مین میں نی مباحثہ لعینہ بیان نہین کیا اور
اسبات کا مین کچہہ تعجب نہین کرتا کہ مباحثہ کا میرا بیان آپ کی نزدیک مقبول
نہین ہی بلکہ آگی ہی سے مجہی یقین تہا کہ آپ ویسا ہی کہو گی کیونکہ مباحثہ

مباحثہ کی بعد ہی آپ نی اپنی خط مورخہ ۱۶ اپریل مین اوسکی گذارشیں مطالب ایسی طور پر بیان کین کہ مجھی انکی اقبال اور دستخط کرنیسی انکار کرنا پڑا اور جب اوسکی جواب مین مینی مباحثہ کی بات جلسی میری اور پادری فرنچ صاحب کی دانست مین انجام پائی مسطور کی تو آپ نی اوسکو پسند نہین کیا پس آپ ہی وسے حال ہی یعنی آپ کہتی ہین کہ ہمارا بیان غیر صحیح ہے اور ہماری دانست مین اپنی اس خط مین ہی کتنی جگہہ خلاف واقع بیان کیا مثلاً بزرگون سے کے عمر کی سالون سے کے تحریف کا ذکر کہ آپ کہتی ہین کہ مینی کیا ہے پھر یہہ کہ آپ لکہتی ہین کہ ڈاکٹر وزیر خان صاحب نی سہو کا ثبت ڈیڑہ لاکہہ اور پہر چھتیس ہزار سے بتایا ہی ہماری علما کی قول پر یہہ سب میری دانست مین اوس صاحب نے مباحثہ کے وقت ذکر نہین ہوا یا اگر ذکر ہوا تو مجھہ سی نہین کہا گیا اور میری سننی مین نہین آیا پھر اس بات چیت کو بھی جو میری اور مفتی صاحب کی درمیان ہوئی آپ نی صحیح نہین لکہا مینی تو مفتی صاحب کو لفظ تم سی نہین بلکہ جیسا کہ چاہئی لفظ آپ سے مخاطب کیا پھر اس گفتگو کو صدہا آدمیون نی نہین سنا جیسا آپ کہتی ہین بلکہ محض اونہی دس پانچ اشخاص نی جو مفتی صاحب کے اور میری پاس بیٹہی تھی کیونکہ وہ گفتگو خاص مفتی صاحب سی ہوئی تھی نہ عام جلسہ سی اور پھر خود گفتگو کی باتون مین آپ نی مبالغہ اور علاوہ ہی کیا ہے فقط آپ جو کہتی ہین کہ مینی مباحثہ کے سب گذارشات نہین لکہین تو یہہ درست ہی میرا مطلب یہہ نہ تہا کہ سب لفظاً لفظاً لکہون قطع نظر اس سی کہ ایسی مباحثہ کی سب باتین لفظاً لفظاً یاد رکہنا بہت مشکل ہی بلکہ میرا مقصد یہہ تہا کہ مباحثہ کو اختصاراً لکہون چنانچہ اسکی مقدمہ مین سے مینی کہا ہی لہذا اون سب باتون کا

ذکر بلکہ اشارہ بہی نہین کیا جو مباحثہ کی مطلب سے خارج ہین مثلاً آپکا وہ قول
اور یہان کہ مینی میزان الحق مین کہا کہ قرآن اور اوسکے معتقد دعوی نسخ
کتب مقدسہ کرتی ہین اور آپنی کہا کہ کوئی ایسی بات قرآن مین نہین ہے
اور جواب اسکا مینی اپنی خط مورخہ ۸ اپریل سنہ حال مین آپکو لکہا تہا
اور وہ اعتراض جو ڈاکٹر وزیر خانصاحب نے بہی پہلی بابت کی بعض آیات
کی مضمون پر پیش کیا تہا وغیرہ کہ نہ نسخ اور نہ تحریف سے کچہ علاقہ رکہتی
ہین اور جہان آپکے اعتراضات مباحثہ کی مطالب کی موافق اور مطابق
تہی وہان بہی مینی بسبب اختصار کی سبب صرف اصلی مطلب کو ذکر کیا ہے
اور بس اور مطلب اور زیادہ واضح کرنی کی لیئے مینی بعض جا ایسی بات علاوہ
بہی کی جو مباحثہ کی وقت ذکر نہین ہوئے مثلاً وہ باتین جو ملفوف ہین پہر یہ
کہ مینی بعض جگہہ صرف انجیل کا لفظ لکہا اور مباحثہ کے وقت بہی بعض
دفعہ صرف انجیل کا ذکر کیا ہی تو یہہ اسکی سبب سی نہین کہ گویا مجہی یاد نہین
تہا کہ مباحثہ نسخ و تحریف کا نہ محض انجیل بلکہ سارے مجموعہ بیبل پر ٹہرا تہا
بلکہ مینی اسواسطی بعض مقام مین صرف انجیل کا ذکر کیا کہ اصل مباحثہ
انجیل پر ہوا تہا اور مینی مباحثہ کے وقت کہا تہا کہ مباحثہ اول انجیل پر
ہوا اور اسکا یہہ سبب تہا کہ اگر انجیل کا غیر صحیح ہونا ثابت ہو تو پہر توریت
پر مباحثہ کرنا لازم نہوگا اور ظاہر ہی کہ اگر بالفرض انجیل غیر حق ہو تو عیسائیون
کو توریت سی اور کیا کام ہوگا پہر یہہ کہ مینی لکہا کہ مباحثہ کی دوسری بات
کی شروع کرنی مین آپنی نوح اور ابراہیم وغیرہ کی گذارشات کی طرف اشارہ
کیا اور آپ کہتی ہین کہ ایسی گذارشات کو ہرگز مین دونون جلسون مین زبان
پر نہین لایا تو گو آپ نی لفظاً نہین کہا جیسا مینی لکہا پہر اس بات مین مجہی

جنہوں اور پادری فریح صاحب کو بھی کچھہ شبہہ نہیں ہے کہ اپنی توریت کی ایسی ایسی
گذارشات کے طرف اشارہ کیا ہی اور یہی میرا مطلب ہی پس یعنی غیر حق یا جہوٹ
کہا تہی لکہا یہہ صرف آپ ہی کے سمجہہ ہی اور بس اور آپ کی اشارہ پر آن یا تورات
کو یاد کرکی جنکو آپ نے اپنی کتاب ازالۃ الاوہام کی ۲۰۸ صفحہ سے توریت کی
اوہین گذارشات کی حق مین تفصیلاً لکہا ہے یعنی کہا کہ ایسی باتین مباحثہ
کی مسلمہ ہے یا نہین اور کہ ایسی اور آپ کے سبب اور اعتراض کے واسطی
جنکو اپنی توریت کی تحریف اور غیر حق ہونی کے باب ظاہر کیا اور ظاہر کیا
چاہتی ہین مسیح کی گواہی توریت کی صحت اور حقیت پر کا ہے اور دوسری جواب بہی
اور آپکی اور دو پرخالصاحب کی اور اعتراض یعنی اس سبب سی انکو نہین
سکی کہ انکو کچہہ نہین جانا اور مباحثہ کے وقت بہی مینی کہا تہا کہ جب مین سے
سہو ہوا اور کہ یہہ دعوی کہ یہودی توریت کو مسیح کی بعد تحریف کیا میرے نزدیک
قابل تسلیم نہین ہے فقط پہر یہہ کہ مینی ۲۰ صفحہ مین لکہا کہ مولوی صاحب نے
غیر مناسب الفاظ لکہی الخ اور اسکی جواب مین آپ کہتی ہین کہ مینی تو اپنی دانست مین
کوئی غیر مناسب لفظ نہین لکہا الخ اور اوسکا ثبوت چاہتی ہو پس ثبوت اسکا
یہہ ہی کہ اپنی اپنے خط مورخہ ۲۳ اپریل کے شروع مین مجہے لکہا کہ آپ
گفتگو سے موقوف کرنیکو ایک عذر گیا بار بار زبان پر لاتی ہین پہر اس خط کی
بیچ مین آپنے یون لکہا کہ آپ نی ایک عذر بیجا سے حیلہ قطع کرنے
گفتگو کا اوٹہایا ہی اب عذر بیچ اور حیلہ ہماری طرف منسوب کرنا کیا یہہ غیر مناسب
الفاظ نہین ہین اگر ایسی الفاظ عمل مین لانا آپکی نزدیک مناسب اور لایق
ہین تو یہہ آپ ہی کا انصاف ہی اور بس اور تیسری یہی حال یہہ ہی کہ مینی نہین بلکہ
آپہی گفتگو کو موقوف کیا اور اسی خط کے اوسی مقام مین یون لکہا کہ یہہ ہماری

آخری خط یہی ہے ہم تو اسکی بعد کوئی خط نہ لکھیں گی اور اگر آپ کچھ لکھیں گا کیا اسکو اپنی باتین
یاد نہ رہیں یا اپنی خط میں بی لفظ نہیں لکھیں اور آپکی خط کی اور باتین جو ہیں سو انکی جواب
اسوقت لازم نہیں جانتا اسواسطی کہ مینی سنا کہ آپ مباحثہ کے گذارش کو تفصیلاً چھپواتے
ہیں اور ڈاکٹر وزیر خان صاحب بھی اس کام میں مشغول ہیں اور آپ یہہ وارپکی اور کتابیں جنکا
ذکر آپنی کتاب ازالۃ الاوہام میں کیا طبع ہو کر آوینگی اور میں ان سبکو دیکھونگا تب
اگر خدا زندگی بخشی میں مباحثہ کی کتاب کا دوسرا حصہ تمام کرونگا اور پہلا حصہ اسکی ساتھ سر نو
چھپوا کر جو باتیں جواب کی لازم و لائق ہونگی خدا کی مدد سی اسکا جواب ادا کرونگا اور آپ سی کے
پاس بھی بھیجدونگا لیکن فی الحال خط و کتابت کی راہ سی کوئی اور جواب نہیں دونگا سوا
اسکی جواب دیا گیا فقط آپ کی کتاب ازالۃ الاوہام فرصت پاکی فی الحال تامل سی دیکھتا
ہوں اور آپکا ابطال التثلیث دیکھہ چکا ہوں مگر اسمیں کچھہ اور بات نہیں پاتی فقط
وہی جو مصنف کتاب کشف الاستار نی بھی لکھا اور جسکا جواب مینی حل الاشکال میں
دیا ہی آپ نی صرف اسکی بات کچھہ کم و بیش کرکی مکرر کی اور کچھہ بیجا اور بی مناسب
باتیں علاوہ کیں ہیں مثلاً دو جواب نی ۳۵ اور ۳۶ صفحوں میں ردمن کا تہا اسکے
حق میں لکھی ہیں وغیرہ چنانچہ آئندہ بیان کیا جائیگا فقط الراقم کشیش فندر صاحب
مرقومہ ۱۱ ستمبر سنہ ۱۸۵۴ع اکبرآباد دستخط انگریزی جناب مولوی صاحب
شفیق مخلصان مولوی محمد رحمت اللہ صاحب سلامت بعد ما وجب کی عرض یہہ ہی
کہ آپکا یہہ خط کہ ڈاکٹر محمد وزیر خان صاحب کی واسطی سی مجھے پہونچا ان سے میں
واپس کرتا ہوں وجہ واپس کرنیکی وہی ہے جو مینی اپنی آخری خط میں لکھی ہے کہ مباحثہ
کی بات چیت خط کتابت سی نہوگی جو کچھہ آپ کو لکھنا ہو رسالہ وار قلمبند کرکی اور سے
چھپوا دی جب آپکی سب رسایل و کتب جو آپنی تالیف کیں اور تالیف کرینگی پریس میں مطبع
ہوکر میری نظر میں آوینگی میں بھی چھاپے کے راہ سی جواب دونگا فقط الراقم کشیش فندر صاحب

مرقومہ ۲۷ ستمبر سنہ ۱۸۵۴ع دستخط انگریزی

اب جو انھان خطوط سی فراغت ہوئی تو کہتا ہون کہ کوئی جواب جناب کششیش کو دست نہی
کہ کسی اسلوب پر واقع ہی مگر اتنی بات ہی غنیمت ہی کہ اسمین جناب کششیس نی ان امور
سی جنکو جناب مولویصاحب نی بطور قدح سکے لکھا تہا آٹھہ امر کو مان لیا امر اول یہہ کہ
مینی لکہا کہ مباحثہ سکے دوسری بات کی شروع کرنیمین آپنی نوح اور ابراہیم وغیرہ
کی گذارشات کیطرف اشارہ کیا اور آپ کہتی ہین کہ ایسی گذارشات کو ہرگز ہین دونون
جلسون مین زبان پر ہے نہین لایا تو گو آپنی لفظاً نہین کہا جیسا مینی لکہا پہر
اسمات مین مجہی اور پادری فرنچ صاحب کو بہی کچہہ شبہہ نہین کہ آپ نی توریت
کی ایسی ایسی گذارشات کیطرف اشارہ کیا ہی اور یہی میرا مطلب ہے اگرچہ
اسجا بہی جناب کششیس سے خاصتہً لازمہ حضرات پادریون کا کہ تحریف اور مغالطہ
دہی ہے جدا نہین ہوا کہ عبارت کو مری طور نقل کیا اور جو الفاظ کہ اونکی دیانت
ظاہر کرتے لیے تہی ہضم کر گئی لیکن بحمد اللہ اسقول مین گو آپ نی لفظاً نہین
کہا جیسا مینی لکہا جناب کششیس صاف اقرار کرتی ہین کہ جناب مولویصاحب نے
دونون جلسون مین ایسی گذارشوت کو ذکر نہین کیا تہا پس اب دیکہنا چاہئی
کہ اسصورت مین جناب کششیس کا رسالہ مباحثہ سکے صفحہ ۶ کی اندر یہہ قول
اور کہا (یعنی مولویصاحب نی) کہ اسطرحکی گذارشیں قابل اعتراض ہین اور
دلالت کرتی ہین کہ توریت تغیر و تبدیل ہوئی ہے کیونکہ گمان سے دور ہے
کہ ایسی بات اصل توریت مین ہو پہر یہہ قول پادری فانڈر صاحب کی جواب مین
عرض کیا کہ ایسی گذارشات پیش کرنا مباحثہ کے مسئلہ سی باہر ہی مباحثہ تو
تحریف پر ہی نہ مضمون پر لہذا آپکا یہہ دعوے صرف اوسوقت بجا اور قابل
توجہ ہوتا کہ گذارشات مذکورہ توریت کے سب نسخون مین پائی نجاتین مگر
وسوال ہین کہ سب نسخون مین اوسی مضمون سے موجود ہین پس آپکا دعوی بیجا

اور مطلب سے خارج ہے اور اگر فرض کریں کہ آپ کا گمان ان گذارشوں کے مضمون
کی بابت صحیح و درست ہو تو نہ توریت کی تحریف بلکہ توریت کی خوبی ہونے کے
ایک دلیل ہوگی پھر صفحہ ۴۳ میں یہہ قول مولوی صاحب کی مباحثہ کے وقت
اپنی دعوی تحریف ثابت کرنیکے لیئے توریت اور انجیل کی بعض آیات کے
مضمون پر اشارہ کرکے کہا کہ اس صورت میں کہ اونکے مضمون میرے نزدیک
درست اور مناسب نہیں بلکہ قابل اعتراض ہیں پس واضح ہوتا ہے کہ وے
آیات اصل توریت اور انجیل میں نہیں بلکہ پیچھے سے داخل کی گئیں ہیں
کیسا محرف ہے دیکھو کہ انصاف اور خداترسی کو دل سے پھینک کر کیا سے
تحریف سے سوال اور جواب گھڑا اور اس امر محرف کو اپنے رسالہ میں مکرر ذکر
کیا پھر اس خط میں سے یہہ وقت نقل کلام جناب مولوی صاحب کی تحریف سے بچو کی
اور عذر بدتر از گناہ کیا کیا شرم نہ آئی کہ میں رسالہ میں کیا لکھا ہے اور اسکا عذر
میں کیا کہتا ہوں اور یہہ جو ارشاد ہوا کہ اس بات میں مجھے اور پادری فرنچ صاحب
کو کچھہ شبہہ نہیں کہ آپہی توریت کی ایسی گذارشات کی طرف اشارہ کیا ہے لغو
ہے کیونکہ جناب مولوی صاحب کی کسی لفظ سے مباحثہ میں یہہ بات سمجھی نہیں جاتی
شاید دونوں جنابوں کو روح القدس کی فیضان سے یہہ بات معلوم ہوئے
ہوگی کہ جناب مولوی صاحب کی دلمیں یہہ ہے مگر وہ تو فرماتی ہیں کہ محض غلط ہے
اور اوسوقت میری دل میں ایسا کچھہ خیال ہی نتہا اگر ایسی ہے اور خلاف
واقع کا نام فیضان ہے تو اس فیضان کو سلام خدا ایسی سے کے نصیب نکیجیو اور
باوجود اسکی پھر بھی جناب کشیش تحریف سے نہیں بچتی کیونکہ اسکا اقرار کرتی
ہیں کہ لفظا نہیں کہا تھا اور رسالہ میں مکرر جا لکھتی ہیں کہ بعد اشارہ کے
یوں کہا اور ایسی اونکا جواب یوں دیا آپ اسکا دو باتیں غور کی قابل ہیں

ہین اول یہہ کہ دیانت جناب کشیس کی کسقدر ہی کہ جن اعتراضون کے جواب
سی ابتک عاجز ہین اور اونسی سارے عمر کی اونکی نیکنامی مٹی مین مل گئی
اونکو کبھی مباحثہ کے مطلب سے خارج بتلاتی ہین اور کبھی فرماتی ہین کہ اونکو
نسخ اور تحریف سی علاقہ نہین اور کبھی ارشاد کرتی ہین کہ وی عمدہ نہ تھی اور اس
اعتراض اور جواب فرضی تحریر کو اپنی گھر سی گھڑ کے مطلب مین داخل اور عمدہ اور علاقہ
والا مسئلہ تحریف سی سمجھتی ہین اور سب سے طرہ یہہ ہے کہ ارشاد کرتی ہین پس بہی
غیر حق اور جھوٹ کہا نہی لکھا خدایا جھوٹ اور غیر حق کی جناب کشیس کی نزدیک
کیا معنی ہین لاحول ولاقوۃ الا باللہ ناحق ان لوگون سے کوئی گفتگو کرکی اپنا وقت
ضایع کرے کہ یہہ لوگ ہرگز ہرگز اظہار حق کی طالب نہین کیا کرین کہ یہ حضرت مشنری
لوگ جو خاص مسلمانون اور ہندون کے بہکانی کی لیی نوکر رکھی گئی ہین
ہین اگر ایسا نکرین تو کون انکو تنخواہ حسب دلخواہ دیتا ہی اور کتنا کوئی چمار یا
تیلی لوہار مسلمانون اور ہندون سی کرسٹان بنتا ہی ایسی ہی جھوٹ سچ ملا
کی اون غریبون کو طمع دی دیکی اپنی جال مین پہانستی ہین اب بہائی مسلمانو
خوب طرح سی دہیان رکہیو کہ ان مشنری لوگون کا سچ ایسا ہوتا ہی پس مقدس
کتابون کی تحریف کی انکار مین سے ایسی ہی سچی ہین دوسری بات یہہ کہ
جب جناب کشیس کی نزدیک سہو کاتب مین اس قسم کی تبدیل اور تحریف
بہی داخل ہی اور تفصیل اسکی مباحثہ کی رسالون مین دوسری دن کی
جلسہ مین مندرج ہی اور غیر حق اور جھوٹ کہین کہلاتی اور سہو کاتب انجیل
مقدس مین اونکی نزدیک چالیس ہزار ہین اب سبحان اللہ کیا ہی اونکی کتاب
اللہ اور قابل اعتبار کیا چاہیی اسلئی دوسری صدی سی کئی صدی تک
جہوٹ بولنا مستحبات دین عیسوی سی گنا جاتا تہا پس اسوقت کی اس قسم

سہو کاتب تو بہت ہی حق ہونگی اور مجکو مقتضای محبت بنی نوع انسانی کا ایسا لگتا
ہی کہ نیازمندانہ جناب کشیش کیخدمت مین کچہہ عرض کرون اگرچہ مین سنتا ہون کہ جناب
ڈاکٹر وزیر خانصاحب اپنی بعض خطوط مین دوستانہ اونکو سمجہا چکے ہین اور
بعض اپنی خطوط مین اونکو یون لکہا ہی آئندہ کو آپ کسی مسلمان سے ہرگز
نہ اولجہین کیونکہ جب آپسی جواب نہین بن پڑتا تو آپکو آئین باین شائین لکہنا
ہوتا ہی اوسپر لوگ ہنستی اور کہتی ہین کہ پادری صاحب خط کا جواب تو نہین
لکہتی بلکہ اپنی نوکری کا کام بجالاتی اور چاہتی ہین کہ کمیٹی یہ جانلے کہ پادری صاحب
ایک کام مین لگی ہوے ہین مبادا تنخواہ مین خلل آوی اور ایسا ہو کہ جیسی کلیسہ
تو ہر نسبت چرچ اف انگلنڈ مین داخل ہونا پڑا ویسا ہی کہین رومن کاتہلک کی
طرف بہی التجا کرنی پڑے لہذا آپکو مناسب ہی کہ اپنی قوم کی لوگون کو جمع کر کی
وعظ اور نصیحت کیا کرین اور کسی طرف طعن اور تشنیع سی پیش نہ آوین آگے
آپ مختار ہین حق یہہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نی بات تو برجستہ کہی ہی جناب کشیش
کو مناسب ہی کہ اوسپر عمل کرین اسلئی سعدی علیہ الرحمۃ بہی فرماتے ہین
چون نداری کمال فضل آن بہ ٭ کہ زبان در دہان نگہداری اور یہ سوچین کہ وہ
دن گئی جب دنون خلیل خان فاختہ مارین تہی آئندہ جناب کشیش مختار ہین
شیخ سعدی رحمۃ اللہ بہی کہتی ہین ہر کہ نصیحت نشنود سر ملامت شنیدن دارد امر
دوم یہہ کہ جناب کشیش فرماتی ہین کہ مباحثہ کیوقت ہی مین نی کہا تہا کہ حسین سے بہی
سہو ہوا الخ پس دیکہو موافق اقرار جناب کشیش کی یقینا حسین نی دہوکے
تحریف توریت کا کیا تہا اور خط محررہ ۲۳ دسمبر کی موضع دوم سی معلوم ہوا
کہ کئی بڑی بڑے محققون عیسائی مذہب نی اوسکی تصدیق بہی کی ہی
پس جو اوس موضع دوم مین اس امر کی بابت جناب مولوی صاحب نی لکہا ہی

لکہا ہی سچ ہی اور جناب کشیس کی نزدیک مسلم ہیں یہہ دوسرا امر کہ علم کہلا جناب کشیس
نی مان لیا ہی امر سیوم یہہ کہ جناب کشیس کی نزدیک مسلم ہی اور اونکو یاد بہی ہی ہے
کہ مباحثہ نسخ اور تحریف کا نہ مخصوص انجیل بلکہ ساری مجموعہ بیبل پر ٹہہرا تہا تو اس
صورت میں جو جناب مولویصاحب نی اپنی خط مورخہ ۲۳ دسمبر سے کی موضع چہارم
میں اس امر کی نسبت لکہا ہی بجا ہی اور عذر جناب کشیس کا بودا اسلیے کہ اس
صورت میں اون پر لازم تہا کہ اول اوسیطرح نقل کرتی بعد اوسکی جیسا اوس
دعویکو جو اونہوں نے اثنای گفتگو میں اپنی بچاو کی سبب لیے اختیار کیا تہا
اور اوسپر جناب مولویصاحب اور ڈاکٹر صاحب نی کئی مرتبہ شدت سی اوسپر انکار
کی تہی اثنای تقریر میں معہ اونکی انکار کے نقل کرتی تاکہ دہوکا نہ پڑتا کیونکہ اکثر
لوگوں کو اوس رسالہ کی دیکہنی سی دہوکا پڑتا ہی اب سب ناظرین کی خدمت میں التماس
ہی کہ اب اقرار جناب کشیس سی سمجہہ لیں کہ مباحثہ مطلق نسخ اور تحریف پر ٹہرا تہا جیسا
بحث شرائط اور پہلی حصہ مباحثہ مذہبی مولفہ حافظ سید عبد اللہ صاحب میں
واقع ہی اور وہی صحیح ہے اور یہہ جو ارشاد کرتی ہیں کہ اصل مباحثہ انجیل پر ٹہرا
تہا محذوف ہی اور طرفثانی ہرگز اس اصالت کا مقر نہیں بلکہ وہی ہر وقت وغیرہ
دیگر اس دعوی کی انکار کرتی تہی امر چہارم یہہ کہ جناب کشیس اقرار کرتی ہیں کہ
میں بعض جا ایسی بات علاوہ بہی کی ہی جو مباحثہ کے وقت ذکر نہیں ہوئی
لیکن اسمیں اکثر جا کو تعبیر بعض جا سے کیا ہی اور یہہ قول مثلا وہ باتیں جو
حلقہ میں بطور تمثیل کے ہی اسی لیے لفظ مثلا کا بڑہا دیا ہی دیگر یہ حلقہ
تو تہوڑی ہی موضعوں میں کہیجا ہی اسی لیے اپنی دونوں خطوں میں جناب مولوی
صاحب نی اکثر اون موضعوں کو ذکر کرکی کہا ہی کہ گو آپ نی بعض جا حلقہ سے ہے
کہینچکر ظاہر کردیا ہی کہ انکا ذکر جلسوں میں نہیں آیا تہا لیکن امر کی بابت بہی جا

جو جناب مولوی صاحب نے لکھا جناب کشتیس کی نزدیک مسلم ہی اسی لئے تسلیم کی اون
سی کچھہ نہین بن آیا اور جب یہہ امر مسلم ہی اور قریب ۲۱ صفحہ کی جناب کشتیس نے
اپنی رسالہ مین اپنی تقریر کی تائید مین لکھی ہین تو یہہ قول جناب مولوی صاحب کا اس
صورت مین اگر ہمارے سب تقریر اور خطوط لفافہ نے ہین رسالہ چھپا کچھہ اور پڑھا جاتا
تو کیا ظلم ہوتا کیسا حق ہی امر تعجب یہہ کہ جناب کشتیس کو اسپر بہی اقرار ہی کہ اگر
اتفاقا جناب مولوی صاحب اور ڈاکٹر صاحب کی تقریر سی کوئی اعتراض اونہین
قابل تحریر نظر آتا ہی اوسکا ہی اصل مطلب ذکر کیا ہی چنانچہ فرماتی ہین اور
جہان اونکی اعتراضات مباحثہ کے مطالب کی موافق اور مطابق تہی وہان تو
ہی یعنی اختصار کی ضرورت اصل مطلب کو ذکر کیا ہی اور بس اب دیکھو قول
جناب مولوی صاحب کا امر دوم مین کہ اسچا ڈاکٹر صاحب نے اپنی تقریر مین بسط
کیا تہا جسکو اپنی صفحہ نوین مین ناقص طور پر نقل کیا ہی کیسا سچا ہی لیکن اب
کوئی جناب کشتیس سی کہی کہ اتفاقا ہوسکے چونکی اگر جناب نے کہین اصل
مطلب ہی نقل کیا ہی ایسی بری عنوان مین کیا ہی کہ قریب تحریف کی پہنچ
گیا ہی اور مین بہی جناب کشتیس کیطرح اونکی اور اونکی شریک کی سب گفتگو کا اصل
مطلب یون نقل کرسکتا ہون کہ جناب کشتیس نے علی روس الاشہاد مان لیا کہ جو بیچ
میزان الحق مین باب اول کی فصل دوسری کے شروع مین دعوی استحالہ
نسخ کا لکھا ہی غلط ہی اور توریت کی احکام نسخ کا کئی مرتبہ اقرار کیا اور جو جناب
کشتیس اور اونکی شریک نے اسکا ہی اقرار کیا کہ عیسائیون نے آٹھہ دس جا تحریف انجیل
مقدس مین قصدا ایسی کی ہی کہ آیتین کی آیتین اپنی طرف سی بعضی جا بڑہا دین
اور بعضی جا گہٹا دین ہین اور چالیس ہزار اختلاف عبارت کی ہی کہ جنمین
مسیحیون کو آجتک تمیز نہین کہ صحیح عبارت کونسی ہے اور غلط کونسی کا تو کیا

کاتبونکی فساد سی فقط انجیل مقدس مین نوبت پہنچی ہے اور یہہ اختلاف عبارت کی کہین قصداً
ہوا ہین اور کہین سہواً اور کہین غلط اور زیادتی ہے اور اسکی سبب بہت جا بعض
لفظ بعض کے ساتہہ بدلا گیا اور تفسیر اور حاشیہ کی عبارتین متن مین گہس گئے اور
اگلی زمانہ کے فتنہ اور فساد اور لڑائیون کی سبب انجیل کی سند متصل ہمارے
پاس نہین اور سند متصل جس کتاب کی اون سی طلب ہوے بتلا نسکی
بلکہ یا تو سہو سی تکتی رہگئی یا آیتین یا متن شامل کر کی اور بات مین جا پڑی اور باوجود ان
امور کی زبردستی کے راہ سی پہر بہی جناب کشیش بلا دلیل کہتی تہی کہ ان خرابیون
سی انجیل مقدس کو کچہہ بٹا نہین لگا اور اسکو محرف اور مختلف العبارت اور بے
سند ہی ہم مان لو نہین تو ہم اگی کو متی گفتگو نہ کرین گی اور جناب مولوی صاحب
ان سب پر لے دے کر تی ہی اور بعد نقل کرنی اس اصل مطلب کی کہ آپکی نقل
اصل مطلب سی کہین اولی اور صحیح ہی یہ بہی ۲۱ — ۲۲ صفحی اس آپ کی
تقریر کی رد اور مولوی صاحب کی تائید مین لکہہ سکتا ہون مگر ہم ایسی اختصار
پر اکتفا کرنے کو اچہا نہین سمجہتی کبہی ایسا نکرین گی امر ششم یہہ کہ جناب کشیش

کو اسپر بہی اقرار ہی کہ آپ جو کہتی ہین کہ مینی مباحثہ کے سب گذارشات نہین
لکہی تو یہہ درست ہی امر ہفتم یہہ کہ اس پر بہی اقرار ہی کہ جن باتون کو کہ مینی
اپنی زعم مین (کہ فی الحقیقت یہہ زعم محض غلط اور فاسد اور سراسر اثم ہی) مباحثہ
کی مطلب سی خارج جانا اونکی طرف اشارہ بہی نہین کیا چنانچہ فرماتے ہین

اون سب باتون کا ذکر بلکہ اشارہ بہی نہین کیا جو مباحثہ کی مطلب سی خارج ہین مثلاً الخ
امر ہشتم یہہ کہ اسپر بہی اقرار ہی کہ جناب مولوی صاحب اور ڈاکٹر صاحب کی اور بہی
اعتراض تہی (اور گو وی مباحثہ کی مطلب سی خارج بہی تہی) مگر میری زعم مین (کہ
حقیقت یہہ زعم بہی محض فاسد و صرف غلط ہی) جو عمدہ تہی اونکو ذکر نہین کیا

چنانچہ فرماتی ہین اور آپکی اور وزیر خانصاحب کی اور اعتراض بہی اس سبب سی

مذکور نہین ہیکے تہی کہ اونکو عمدہ نہین جانا اور افسوس کہ کوئی اسکی مثال ارشاد نہوئی

جناب کشیس فی جانا ہوگا کہ مثال کی کیا حاجت ہی میری اس دعوے غلط کو لوگ یونہین

مان لین گی خیر کچہہ سوال تو لوکین جو امر ششم سی امر ہشتم تک نقل ہوئی جناب کشیس مانتی

ہین کہ مباحثہ کی سب گذارشات کو نہین لکہا بلکہ بعض باتون کیطرف اشارہ بہی نہین کیا

اور مولوی صاحب اور ڈاکٹر صاحب کے اعتراضون کی بہت ذکر نہین کیا پس جو جناب

مولوی صاحب نے لکہی ان امور کی بابت اپنی خطون مین جناب کشیس سرکی بہی درست

ہی اور عذر جناب کشیس کی نسبت سب کی سب بدتر از گناہ ہین کیونکہ وہ جو بہ نسبت

امر ششم کی ارشاد ہوا میرا مطلب یہہ تہا کہ سب لفظاً لفظاً لکہون یہہ ارشاد ہوا بلکہ

میرا یہی مقصد تہا کہ مباحثہ کو اختصاراً لکہون بالکل ایک نکما عذر ہی خدا یا کہین بہی اختصار

پر ایسی بہہ پڑتی ہونگی کہ طرفثانی کی تقریرون سی سب اون تقریرون کو جنکا جواب بن

پڑی بالکل اڑا دین اور بعض تقریر اپنی طرف سی گہڑ کی طرفثانی کی طرف نسبت کرین

جیسا جناب کشیس نی کیا اور یہہ جو ارشاد ہوا کہ مباحثہ کی سب باتین لفظاً لفظاً یاد

رکہنا بہت مشکل ہی سچ ہی حضور صاحب جناب کشیس کی حق مین بسبب ضعیفی اور بڑہاپے

کی بہت ہی حسیات ہی مگر حقیقت یہہ ہی کہ یہہ بہی کچہہ مفید اونکو نہین اسلئی کہ کون

کہتا ہی اور کب جزو ہی کہ مخالف کی سب تقریر لفظاً بلفظ منقول ہو بلکہ نقل بالمعنی اوسکی

کافی ہی جیسا بعض جا جو جناب کشیس نی الفاظاً اپنی تقریر کو صحیح نقل کیا ہے

اور سبکا یہی حال ہی اور وہ ہرگز ہرگز لفظاً لفظاً منقول نہوں علاوہ برین جو جناب

کشیس کی پاس اون سبکے خطوط کی سب مسودات اور جناب مولوی صاحب

کی سب خطوط بجنسہا موجود ہین اون مین تو اس عذر بارد کی گنجایش نہین اونکو

توجیہہ ہو دینا تہا کیونکہ اس امر مین جناب مولوی صاحب اپنی خط محررہ ۲۳ اپریل

اپریل مین تاکید لکھہ چکی تہی اور وہ جو بہ نسبت امر ہفتم کے ارشاد ہوا کہ مباحثہ کی
مطلب سی خارج نہین پہر یہہ کہ نہ نسخ اور تحریف سے کچہہ علاقہ رکہتی ہین قابل
تعجب ہی خدایا علاقہ کس چیز کا نام ہی کیا اسحاہی یہہ علاقہ مثل علاقہ تثلیث کی مجہول الکیفیہ
ممتنع الادراک ہی جیسی کہ تقلیداً پادری لوگ اوسکی وجود کا تثلیث مین قایل ہوکر
اور ونکو کہتی ہین کہ ہم تو اسحاہی جناب اوسکے عدم کی قایل ہوکر اپنی دعوی
بحث سی واجب الاعتقاد کراتی ہین حاشا و کلا بلکہ حقیقت یہہ ہے کہ اول جلسے
پادریون کو محض تقلیداً پای ہی اور اسحا تو محض سفینہ نوری ہی اور بہت دیر سے
جناب کشنیس کے ہی اور بلس اور جناب مولوی صاحب کا قول مباحثہ مین ایسا
دخل اور نسخ سے ایسا علاقہ رکہتا ہی کہ اوسکی سبب سی باب اول میزان الحق
کی ساری فصل دوسری غلط ہوگئی اور قابل التفات بچہ کی ہی نہین ہی اور ایک
بڑا عمدہ رکن اعتراض منجملہ اون تین اعتراضون کا جن پر جناب کشنیس کو بڑا
فخر تہا جیسا اونکی خط محررہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۸۵۴ع سی جو مولوی آل حسن صاحب کی
نام ہی سمجہا جاتا ہی بالکل خاک مین مل گیا اور اعتراض ڈاکٹر صاحب کا تحریف سی
علاقہ تمام رکہتا ہی اور اسی قسم کا سوال جناب کشنیس نی جلسہ اول مین بہی کیا
تہا اور اوسی جلسہ مین ڈاکٹر صاحب نی یہہ جواب دیا تہا کہ اگر انجیل الہامی ہے
اور الہام مین غلطی ممکن نہین تو اس صورت مین بیشک سچ ہے سے تحریف ہوئی ہی
اور جو الہامی نہین تو ایک اور مطلب حاصل ہوا اور جناب مولوی صاحب نی اپنی
دونون خطون مین اس جواب کی نقل بالمعنی کی ہی اور اپنی اعتراض کی مناسبت
بہی یہ تفصیل تمام بتلادی تہی اب دو حال سی خالی نہین کہ یا تو جناب کشنیس بسبب
غلبہ نسیان کی معذور ہین یا خوف خدا کو دل سی دور کر کی خواہ مخواہ مغالطہ عوام کالانعام
کا اونکو منظور ہی خدا دونون حالتون سی اپنی بندونکو بچاوی اور جب ان دونکا

حال معلوم ہوا ایسا ہی اور اعتراضون کو سمجھنا چاہیے جنکو سمجھا جناب کشیش نے غلط فہمیہ
کی ساتہہ تعبیر کرتی ہین بلکہ حقیقت یہہ ہی کہ جناب کشیش نی مغالطہ دینی کو اپنی زعم مین
ذکر بالکل غلط تہا ان دو اعتراضون کو ہلکی سمجھہ کر ذکر کئی تہی اور اور اعتراضون کو تو
ابتک اپنی نزدیک مشکل سمجھتی ہین جیسا انشاء اللہ عنقریب معلوم ہوجاتا ہی اور وہ جو
حلقہ کہینچکر بہ نسبت اعتراض جناب مولویصاحب کی ارشاد ہوا کہ جواب اسکا جو
اپنی خط مورخہ ۸ اپریل سنہ حال مین اپکو لکہا تہا قابل تعجب ہی اور اور اپنی مضمون
کی اگر اسی کا نام جواب ہی تو اون جوابون کا اللہ حافظ اسلئی وہ جواب جسکا جناب حوالہ
دیتی ہین اوس خط مین یون ہی ہا مین نی میزان الحق کی دوسری فصل کے شروع
مین لکہا ہی کہ قران اور مفسرین دعوی کرتی ہین کہ قرآن کی ظہور سی انجیل منسوخ
ہوئی ہے اور جناب نی کہا کہ یہہ بات غلط ہی تو مین صرف اس شرط پر اس غلطی
کا مسلم ہوا کہ فی الحقیقت قران کی کسی آیت اور کسی تفسیر مین اسکا بیان اور اشارہ
نہین ہوا ہوگا اب یہہ بات مجہی یقین نہین اور مین کبہی اسکی جستجو مین نہین پڑا
صرف محمدیون کی عموماً دعوی کرنی پرہی اسکو قبول کیا اور میرا کچہہ مطلب یہی
تہا کہ اس بات کا ثبوت چاہون کیونکہ اسلئی کہ اپکی سوا اب تک کسی محمدی عالم سی
اسکا انکار سننی مین نہین آیا اور تعجب یہہ ہی کہ اول اپنی کہا کہ یہہ بات قران
اور تفسیرون سی بر خلاف ہی بعد خود دعوی کر کی فرماتی ہین کہ انجیل منسوخ
ہوئی پہر کسواسطی آپ ایسا دعوی کرتی ہین جو آپکی نزدیک قران مین ہے نہین ہی
اور جناب مولویصاحب نی اپنی خط محررہ ۲۳ اپریل مین اسپر بطور قدح کا یون
لکہا تہا کہ اسمین جناب دیدہ و دانستہ اپنی تحریر اور میری تقریر مین تحریف کرتی
ہین آپکی تحریر یون ہے نسخہ شدہ اس باب مین قران اور اوسکی مفسر
دعوی کرتی ہین کہ جسطرح زبور کی آنیسی توریت اور انجیل کی ظاہر ہونی سی زبور

زبور منسوخ ہوئی اسیطرح انجیل بہی قران کے ظاہر ہونے سی منسوخ ہو گئی پہر صفحہ مسطور مین

ہی محمدیون کا دعوی بی اصل اور بیجا ہی جو کہتی ہین کہ زبور توریت کو اور انجیل ان دونون کو

منسوخ کرتی ہی اور میری تقریر یون تہی کہ غلط ہی جو دعوی آپنی لکہا قران مین تو مطلقا

اسکا کسی جا ذکر نہین اور نہ کسی تفسیر سی یہ مجموعہ ثابت ہو سکتا ہی بلکہ مخالف اوسکی

تفسیرون اور اور کتب اسلامی سی سمجہا جاتا ہی بعد اسکی عبارت تفسیر عزیزی اور تفسیر

حسینی کی بہی نقل کی ہی اور بہت بڑی غلطی آپکی اوس تحریر دعوی مین یہ ہی کہ زبور نی توریت کو

کی دعویکی موافق ناسخ توریت اور انجیل سی منسوخ فرمائی ہین حالانکہ یہ صرف بہتان ہی

اور مولوی صاحب نی اپنی خطون محررہ ۳ و ۲۳ ذیحجہ مین بہی اس امر کو لکہا ہی اب دیکہو کہ اوسکی

طرف حوالہ کیسا ہی اور غور کرو کہ اوسمین بہی جناب شبیس نی تحریف کی ہی آہ ہیہات خاصیت حضرات

کا بہی کسطرح انسی چہوٹی اب کوئی جناب شبیس کچہ مضمون عرض کری کہ جناب حل الاشکال کی

صفحہ ۲۳ مین صاحب کشف الاستار پر طعنا یون فرماتی ہین اسطرح بات کو قصدا بدلنا عالم

منصف کو لایق نہین ہی پس جناب کیون ایسی حرکت بار بار کرتی ہین آیا آپ عالم اور منصف

نہین یا اس جہت سی کہ تحریف تم لوگون کا خاصہ لازمہ ہی تو آپکو لایق ہی ایس فعل پر خود را فضیحت

ودیگران را نصیحت آپ مصداق ہین اب وہ قول مولوی صاحب کا جو اونکی خط محررہ ۲۳ ذیحجہ کی آخر

موضع پنجم مین مرقوم ہی کیا ہی چنانچہ یہ ہی جناب شبیس کو لازم ہی کہ وہ اسپر عمل کرین اور نولکی صفحی اس

فصل کی میزان الحق سی نکال پہینکین اور جو جناب شبیس کی کتابین گرگٹ کا خواص رکہتی ہین کہ کبہی

کسی رنگ اور کبہی کسی رنگ مین دکہائی دیتی ہین جیسا میزان الحق کی نسخہ منطبعہ سنہ ۱۸۴۳ اور سنہ 1850

اور اسیطرح نسخون مفتاح الاسرار کی ناظر پر یہہ بات بخوبی ظاہر ہی اور جسکو شک ہو اب دیکہ لی پس

یہہ نکال پہینکنا کچہ بیجا نہوگا بلکہ اوسی سنت قدیمہ کی ادا مین شمار کیا جائیگا غایت الامر اگر احتیاط ہو

اول ورق پر یون لکہدین کہ تیسری دفعہ بہی ہم سی صحیح و درست ہو کی چہاپی گئی گمان غالب تو یون ہی

کہ اگلی دفعہ اگر میزان الحق چہپی تو فصل دوسری اور تیسری باب اول مین وہی سنت قدیمہ ادا ہ

اور وہ جو نسبت امر ہشتم کی ارشاد ہوا کہ اس سبب سے مذکور نہیں کی کہ اونکو عمدہ نہیں جانا تعجب
غلط ہی ہاں یہہ صحیح ہی کہ اونکا جواب نہیں بن آیا اور جناب کشیش نعلین جا ملکی تہی بطور نمونہ کی
ایک اور مین نے لکہا تہا سو ان کے منجملہ اون اعتراضوں کی ایک یہہ اعتراض تہا جو جناب ڈاکٹر صاحب نی
آیتہ ۷ و ۸ باب ۵ نامہ اول یوحنا پر کیا تہا اور دوسرا جناب کشیش اور اونکی ہمراہیوں کو تحریف کا اقرار کرنا پڑا تہا جیسا
مباحثہ کی سوالوں مین مشرح چہاپا گیا ہی اور جناب مولوی صاحب کی خط محررہ ۲۴ ذیحجہ مین بہی ذیل موضع
دوم کی ذکر اسکا آیا ہی اب کوئی صداقت جناب کی دیکہی مگر اگر یہہ بات ثابت ہو کہ شہیری لوگونکی ایک
صلاح ہی کہ جس اعتراض کا خواہ واقعی ہو یا جو اونکا گہڑا ہوا اونکی زعم مین جواب بن سکی وہ عمدہ ہی
اور جسکا جواب نہ بن سکی وہ غیر عمدہ اور خارج عن المبحث کہلاتا ہی تو جناب کشیش اپنی اصطلاح کی موافق
سچی ہین کیونکہ مشہور ہی لا مناقشہ فی الاصطلاح جب آٹہ امر مسلمہ جناب کشیش سی فراغت
ہوئی اب ایک بات اور لکہہ کر بعد اوسکی مین اون مغالطون کو لکہونگا جو جناب کشیش نی اونکو جناب
مولوی صاحب کے غلطی نکالی ہی اور وہ بات یہہ ہی کہ جناب کشیش نی جناب مولوی صاحب کی خط مین
دو لفظ کو غیر مناسب بتلایا اور فرمایا کہ عذر لنگ اور حیلہ بازی طرف نسبت کرنا کیا یہہ غیر مناسب
الفاظ نہین اسپر مجکو یون مناسب معلوم ہوا کہ اول بطور نمونہ کی فقط اونکی ایک ہی کتاب سی اس قسم
کی الفاظ پیش کرون اور بعد اوسکی جواب دون تا کہ معلوم ہو کہ جناب ایسی امر مین اوروں پر
قدح کرتی ہین اور آپ کیا کرتی ہین افسوس کہ جناب کو قول جناب مسیح یاد نہین ہی متی باب ۷ مین
ہی مین یہی نسخہ منطبعہ سنہ ۱۸۴۴ ۳ تو اوس تنکی کو جو تیری بہائی کی آنکہہ مین ہی کیون دیکہتا ہی
اور جو شہتیر کہ تیری آنکہہ مین ہی اوسی دریافت نہین کرتا ۵ ای مکار تو پہلی اوس شہتیر کو اپنی آنکہہ
سی نکال تو تنکی کو اپنی بہائی کی آنکہہ سی اچہی طرح دیکہہ کر نکال سکیگا اب جناب کی ارشاد صاحب
صاحب کشف الاستار کی حق مین حل الاشکال سی سنئی پہلا ارشاد صفحہ اول مین قول جناب مولوی
کو بات بہم نامہ دوم کہ شہیری نی نقل کرتی ہین اور فرماتی ہین کہ مصنف موصوف کی حق مین مضمون
اوسکا صادق آیا اور اوس قول مین یہہ جملہ بہی ہی اس جہانکی سردار یعنی شیطان نی

نی انکی فہمون کو جو بی ایمان مین اندھا کر دیا ہی پس یا سچا مصنف کشف الاستار کو بی ایمان
اور اندھا بتلاتی ہین دوسرا ۲ ارشاد صفحہ ۲ مین ہی مصنف نی تعصب کی راہ سی انصاف
کی آنکھیہ قصدا بند کر لی ہی تیسرا ۳ ارشاد صفحہ ۳ مین ہی اوسکا مدعا و مطلب محض تکرار و تعصب تھا
چوتھا ۴ ارشاد صفحہ ۴ مین ہی ساری کتاب اعتراضات باطلہ اور دعاوی مہملہ اور مطاعن نامناسب
سی بھری ہی پانچوان ۵ ارشاد پھر صفحہ ۴ مین ہی کتاب موصوف خلاف و باطل سی مملو ہی چھٹا ۶
ارشاد صفحہ ۱۹ مین ہی مصنف نی غرور کی راہ سی گمان کیا ہی ساتوان ۷ ارشاد صفحہ ۲۴ مین
ہی محض مغروری و بیدینی ہی خدای رحمن رحیم اسپر رحم کری اور اسکو اس کج فہمی کی
دام سی نکالی آٹھوان ۸ ارشاد صفحہ ۲۵ مین ہی نہ محض مصنف کی کم علمی و نادانی بلکہ
اوسکی خوش فہمی اور طرفداری پر بھی دلالت کرتی ہی نوان ۹ ارشاد پھر اوسی صفحہ ۲۵ مین
ہی ظاہرا غرور اور تعصب نی مصنف کو ایسا مسلوب الفہم کیا اور اوسکی عقل اور انصاف کی
ایسی آنکھیہ بند کر دی دسوان ۱۰ ارشاد صفحہ ۳۰ مین ہی قطع نظر اور گفتگوی باطلہ سی یہہ
بہی کہا گیا گیارہوان ۱۱ ارشاد صفحہ ۲۴ مین ہی اپنی لال عینک اوتاری بارہوان ۱۲ ارشاد
پھر اوسی صفحہ ۲۴ مین ہی یہہ بات سب باطل اور عاطل ہی تیرہوان ۱۳ ارشاد صفحہ ۵
مین ہی یہہ عین مغروری اور بیدینی ہی چودہوان ۱۴ ارشاد پھر اوسی صفحہ ۵ مین ہی کیسا
کیا مصنف کا دل غرور و خود بینی سی ایسا بھرا ہی پندرہوان ۱۵ ارشاد پھر اوسی صفحہ ۵ مین
ہی یہہ تو عین نادانی اور حد مغروری ہی سولہوان ۱۶ ارشاد صفحہ ۵۵ مین ہی یہہ بات
صرف اوسکی بیخبری اور تعصب پہ دلالت کرتی ہی سترہوان ۱۷ ارشاد صفحہ ۵۶ مین ہی
اسکا بیان بالکل پایہ اعتبار سی ساقط اور محض باطل اور عاطل ہی اٹھارہوان ۱۸ ارشاد
پھر اوسی صفحہ ۵۶ مین ہی یہہ حد تعصب اور بیدینی ہی انیسوان ۱۹ ارشاد صفحہ ۸۷
مین ہی وہ بات جس سی وہ عقل کو حاکم بناتا ہی محض بیجا اور ایک حیلہ حوالہ ہی اب دیکھو صاحب
کشف الاستار کی حق مین کہ مولوی سید ہادی علی صاحب لکھنوی کی مجتہد صاحب کی عزیز

اور رئیس ہین اور شاہ اودہ تک اونکی تعظیم کرتا ہی جناب کشبس کیا ہی الفاظ مناسب
اور لایق ارشاد کرتی ہین اندہا اور بی ایمان اور متعصب اور انصاف کی آنکہہ قصداً بند کرنیوالا
اور محض تکرار کا طالب اور مغرور اور بی دین اور کج فہم اور کم علم اور نادان اور طرفدار اور
مسلوب الفہم اور لال عینک والا اور خود بین اور اونکی کتاب کی حق مین فرماتی ہین کہ سب
کی اعتراضات باطلہ اور دعاوی مہملہ اور مطاعن نامناسبہ اور خلاف اور باطل سی بہری ہے
اور اونکی بابت اور بنا کی حق مین فرماتی ہین باطل اور عاطل اور پایہ اعتبار سی ساقط اور محض بیجا
اور صرف ایک حیلہ اور حوالہ اب کوئی جناب کشبس سی پوچہی کہ ای جناب یہہ الفاظ آپ کی
نزدیک لایق ہین کہ ذی عزتونکی حق مین استعمال کئی جاوین یا نہین اگر ہین تو آپ نی فقط دو لفظونکی
خاطر جو کہین فقط بی ایمان اور مغرور اور بیدین وغیرہ سی کمتر ہین کیون اتنا شور مچایا ہے
بالخصوص لفظ حیلہ کا ان دو سبقتی خود آپکی کلام مین بہی ہی اور اگر مناسب نہین تو آپنی
کیون انکو استعمال کیا اگر فرماوین ایسی الفاظ فقط کشف الاستار والی کی حق مین لکہی ہین
نہ اور کی کہتا ہون کہ اولاً جناب تو ایسی تحریر کو خلاف ارباب تہذیب کی سمجہتی ہین کشف الاستار
والی کی حق مین کیون لکہی ثانیاً یہہ بہی حق نہین کیونکہ جناب مولوی آل حسن صاحب مصنف
استفسار کی حق مین بہی ایسی قسم کی الفاظ بہت ہین مثلاً صفحہ ۱۷ احل الاشکال مین ہے
وہ (یعنی صاحب استفسار) سمجہہ مین اس بت پرست صومعہ دار سی کمتر اور بی ایمانی
مین اونہہ دیون سی بدتر ہوگا پہر صفحہ ۱۱۸ مین ہی اب مولوی صاحب کمال بی اعتزار ہے
اور بیدینی سی صفحہ ۹۲ ۵ مین لکہتی ہین پہر صفحہ ۱۲۰ مین ہی مولوی صاحب کی دل
سی انصاف اور دین داری دونون غایب ہوئی ہین پس صاحب استفسار کو سمجہہ
مین بت پرستونسی کم اور بی ایمانی مین ہندوؤن سی زیادہ اور کمال بی اعتزار اور بیدین اور
غیر منصف کہتی ہین بلکہ سب محمدیونکی حق مین صفحہ ۸۹ مین ارشاد کرتی ہین محمدی لوگ
بڑی وسوسہ اور بہت سی باطل باتونکی قایل ہین حالانکہ کوئی وسوسہ اور باطل تثلیث

تثلیث سی بڑھ کر ہوگا جسکی حضرات عیسائی قایل ہین بلکہ حل الاشکال کی صفحہ ۱۳۹ اور
اور آخر مکاتبات مین اسی ہی ترقی کرکی حضرت خیر البشر صلعم کی جناب مین بی ادبی کرتی ہین
اور الفاظ بی ادبانہ لکھتی ہین کہ ہمارا دل اور قلم نقلکرنی کو گوارا نہین کرتا اور مثل اوسکی
میزان الحق مین جو حقیقت مین میزان الباطل ہی اور طریق الحیات مین جو حقیقت مین طریق
الممات ہی اس قسم کی زبان سرائی کثرت سی ہی اور اوسکی بدلی جناب مسلمان لوگ جناب عیسی
کو بی ایمان اور جہنمی کہین زیبا ہی اور انشاء اللہ تعالی تسلی رکہین کہ دنیا چندروزہ ہی آخرت
مین ایسی باتون کا مزہ پیٹ بھرکی چکہین گی بالجملہ اس قسم کی الفاظ اونکی کلام مین کثرت
سی ہین جسکو منظور ہو اونکی اور کتابون مین دیکہہ لی کہ انہی مواضع مذکورہ تو اونکو ایک کتاب
سی جو نظر سرسری مین نظر آئی منقول ہوئی ہین لیکن اسجا ایک موضع اور نقل کردیتا ہون
کیونکہ اوسمین ایک لفظ ہی کہ جناب کشیس نی اوس لفظ کی بابت ہی شکایت جناب مجیب [illegible]
کی اپنی خط محررہ ۳ مارچ سنہ ۱۸۵۴ مین کی ہی اور یون لکھا ہی آپ نی جو ادہر مباحثہ مین لفظ
گریز کا میری طرف نسبت کیا ہی ارباب تہذیب کی تحریر کی خلاف ہی یہہ لکھا ہی کہ یہہ لفظ
بہت ہی نامناسب ہی حالانکہ خود ہی جناب کشیس آخر مکاتبات مین مولوی آل حسن
صاحب کی تحقیق یون لکھتی ہین صاحبان عقل کی نزدیک یہ بات گریز کا ذریعہ نہین
سکیگی جناب کشیس آپ کیون اس لفظ بہت ہی نامناسب کو لکھکر ارباب تہذیب سی نکل گئی
اگر کوئی کہی کہ جناب کشیس حل الاشکال کی لکہنی کی وقت تک تحریر مین ارباب تہذیب
سی تہی کیونکہ جب تک کلیسہ تو بہتر مین داخل تہی اور تہوڑا ہی عرصہ ہوا جیسی اوت
انگلنڈ مین داخل ہوئی ہین اور حضرت لوتہر مصلح دین عیسوی کی تحریر بطور تہذیب کا نہین [illegible]
حال اونکی پیروان کا ہی اور حضرت مصلح دین کی تہذیبان تو بہت ہین مگر مین اسجا ایک
نقل پر اکتفا کرتا ہون حضرت مصلح دین اپنی کتاب کی ساتوین جلد مطبوعہ سنہ ۱۵۵۸ کی صفحہ ۲۷۴ مین
جناب پوپ کی حق مین جو جمہور مسیحی اب تک ہی اونکو جانشین اور خلیفہ حضرت پطرس

کی گئی ہین اور پہلی خروج حضرت مصلح کی تو گویا جہان مین عیسائی اوس عقیدہ پر تہی یون لکہتی

ہین دیکہی چلو میری پال خبردار ہو میری گدہی گرنی سی خبردار رہو ای میری پوپ گدہی اور آگی مت

پڑہو میری چہوٹی گدہی شاید گر کی ٹانگ توڑا وگی اسلئی اگلی سال سوا اسقدر کم ہوئی ہی کہ برف

بہت چلنا اور پہسلنا ہی اگر خدانخواستہ تم گر پڑو گی تو سب خلقت کہلی لڑکی کہی گی کہ یہہ کیا

شیطانی کام ہی دور ہو جاو ای شہر پر جبلی پاکو مرد کو احمق گدہی ہو گیا تم اپنی تئین نادان گدہی ہون

احمقون سی کچہہ بہتر خیال کر سکتی ہو حقیقت مین تو ای پوپ گدہا بلکہ نادان گدہا ہی اور ہمیشہ

گدہا ہی رہیگا آدمی ساتوین جلد کی صفحہ ۱۵۴ مین لکہتی ہین کہ پوپ اور اوسکی متعلقین عہدہ دار

خرابا تیون اور بی باک شہریرون اور مردکون اور فریبیون اور بیہودون کا گروہ ہی اور بڑی شہریر و نکا

سرغنا ہی اور وہ نہایت ہی بڑی شیطانون جہنمی سی بدتر ہی اور ایسا بدتر ہی کہ اوسکی

تہوک اور ناک مین بہی شیطان ہی نکلتی ہین ان دونو عبارتون کو دیکہو کہ ان مین حضرت

مصلح کیسی الفاظ جناب پوپ اور اوسکی متعلقو نکی حق مین فرماتی ہین اور ہنری ہشتم

شاہ والاجاہ انگلستان کے حق مین لکہتی ہین اور یقینا تو تر ڈرجاوی جب بادشاہ

اتنا تہوک جہوٹ اور بکباک مین خرچ کری پہر لکہتی ہین کہ مین بولتا ہون چہوٹی قلبتان

سی اور جب دوستی حمق سی اپنی بادشاہت کی منصب کا خیال نکہا تو مین کیون نہ

اوسکی جہوٹ کو اوٹہا اوسکی گلیمین مین گہسیڑدون اور صفحہ ۳۴۰ مین لکہتی ہین

ای تو ہستی کل ٹب یعنی حوض چوبی غسل کا) اور نادان تو جہوٹ کہتا ہے

اور کفن چور اور احمق بادشاہ ہی اور صفحہ ۳۴۲ مین لکہتی ہین اسسطرحسی یہہ

بادشاہ شرارتی والا ہیت کار اور بہت کہری والا احمق گدہا ہی اور اسیطرح اور قول

اوسکی ہین جو کا تلاک سر لٹر جلد نوین مین منقول ہوئی ہین پس جناب شمس ہی حبیب پاک

کلیسیہ تہرین ہیت داخل تہی ایسی الفاظ کی تحریر سی اندیشہ نکہتی تہی اور جب سی کہ

چرچ اف انگلینڈ مین داخل ہوئے جب سی تحریر مین خیال ہی کہ ارباب تہذیب

تہذیب کی موافق ہو اور طعن اونکا جناب مولوی صاحب کی نسبت یقیناً ابنا تہذیب بل مذہب کی ہی
کہتا ہون کہ یہہ توجیہ تو ظاہر مین معقول معلوم ہوتی ہی مگر حقیقت مین کچہہ نہین کیونکہ بعد اسکی ہی
جناب کشیس نی وہ لفظ جو لفظ گریزی سی کہین بدتر ہی جناب محمد وزیر خانصاحب کو اپنی خط محررہ
۲۹ مئی ۱۸۵۴ء مین لکہا ہی وہ عبارت اوسکی یون ہی اور اس مرحلہ سی کہ لوگونکی (یعنی دہریہ
اور منکرین وحی اور منکرین موسیٰ عیسیٰ وغیرہما کی) کتابت آپ کی نزدیک معقول ہی یہہ شبہہ
ہوتا ہی کہ شاید جناب بہی اونکی زمرہ مین سی ہین چنانچہ ملت اسلامیہ مین بہی ایسی لوگ ہین
کہ ظاہر مین محمدی اور باطن مین دہریہ ہین پس اسمین کچہہ بہی زیادتی کرتی ہین کیا اس سی جناب
کشیس ارباب تہذیب سی نہین نکلتی اگر کوئی کہی کہ جو مخالف مذہب کا جناب کشیس کی نزدیک اونکی
عقیدہ کی موافق باطل ہی تو اونکو لائق ہی کہ اپنی اعتقاد کی موافق مخالف کو ایسی لفظ کہین کہتا ہون
کہ جو مخالف بالخصوص مرد مسلمان حضرات پادریون خصوصاً مشنیری لوگونکو باطل سمجہتا ہی تو اوسکو
بہی زیبا ہی کہ اپنی اعتقاد کی موافق ایسی لفظ کہی اور ارباب تہذیب سی نہ نکلیگا خصوصاً جب
کسی کا ان حضرات سی حال معلوم ہوجاوے تو اسصورت مین تو مذہب عیسوی کی موافق بہی
اوسکو برا کہنا جائز ہی اور عین اتباع حضرت مسیح کا کیونکہ خود جناب مسیح نی بہی علماء یہود کو بارہا
مکار ریاکار ابن جہنم نادان اندہی کالی سانپ اور کالی سانپونکی بچی فرمایا ہی بلکہ کبہی عطائی کبہی
یہودیون کو کہا ہی جیسا باب ۲۳ متی اور باب ۸ یوحنا مین مرقوم ہی اور دوسری بیچ کہا کہ بعض
نی علماء یہود سی شکایت بہی کی تہی کہ آپ ہمکو گالیان دیتے ہین جیسا آیتہ ۴۵ باب ۱۱
لوقا مین مصرح ہے نسخہ فارسیہ ۱۸۴۱ء یکی از فقیہان ویرا گفت اے مرشد
ازین سخنانی کہ تو میگوئی ما را است مینمائی اور حضرت یحییٰ نی یہودیون کو خطاب کرکی
سانپونکی بچی فرمایا تہا جیسا باب ۳ متی مین ہے پس جب اسقدر معلوم ہوا کہتا
ہون کہ جو جناب کشیس کی خطوط پر جو مبحث شریف اور پہلی حصہ مباحثہ مذہبی
مین مطبوع ہوئی ہین نظر کریگا معلوم کرے گا کہ غدر جناب کشیس کا محض ضعیف

تہا اور ایک حیلہ سی گفتگو کو قطع کیا چاہتی تہی اور تحریفین اونکی کئی بگڑی گئین پس غدر پوچ
اور حیلہ کی نسبت جناب کششیس کی طرف کچہہ غیر مناسب نہین بلکہ لفظ دوم مین تو غلطیون
اونکا اتباع ہی جیسی لفظ گزیر کی نسبت مین اونہین کا اتباع تہا اب حال اون تین غلطیون

کا جنکو پادریصاحب یون کہتی ہین کہ آپنی اس خط مین کتنی جگہہ خلاف واقع بیان
کیا ہی سنیے کہ ایک تو اونسی محض لکہا اور قابل التفات کے بہی نہین وہ یہہ ہے
کہ جناب مولویصاحب نی اوس بات چیت کو جو فیما بین جناب کششیس اور مفتی محمد
ریاض الدین صاحب کی ہوئی تہا اپنی خطوط مین نقل کیا اور خط محررہ ۲۳ ذیحجہ
مین ذیل موضع دوم کی مشہور حاضر قوم ہی اوسپر جناب کششیس یون قدح کرتی ہین

پہر اس بات چیت کو بہی جو میری الخ پس اسمین جناب کششیس نی اپنی زعم مین دو غلطیان
نکالین ایک تو یہہ کہ اونہون نی مفتی صاحب کی خطاب مین لفظ آپکا فرمایا تہا اور
مولویصاحب نی اوسکو لفظ تمسی نقل کیا دوسری یہہ کہ اس گفتگو کو دس پانچ اشخاص
نی جو مفتی صاحب اور جناب کششیس کی پاس بیٹہی تہی سنی ہی نہ صدہا آدمیون نی
اور یہہ قدح مردود ہی کیونکہ اولا اگر بالفرض یہہ دو غلطیان ہی ہون تو بہی کچہہ
مولویصاحب کو مضر نہین اسلیے جب اتنا جناب کششیس کی نزدیک مسلم ہی کہ مینی
سات آٹہہ جا تحریف قصدی کی ہی اور چالیس ہزار سہو کاتب کا اقرار کیا تہا اور
معنی سہو کاتب کی یون بیان کئی ہی کہ بعض نسخون مین ایک عبارت ایکطرح سی اور
بعض نسخون مین دوسری طرح سی واقع ہوئی ہے پہر اس امر کا بہی اقرار کیا تہا کہ
ہم دو عبارت مختلف سی خبر نہین کہہ سکتی کہ یہہ عبارت کلام اللہ ہی اور یہہ
عبارت نہین اوسپر مفتی صاحب نی الزام دیا تہا پس مطلب مولویصاحب کا ثابت
ہی خواہ خطاب مین جناب کششیس نی لفظ آپ کا بولا ہو یا لفظ تم کا اور اس تقریر
کو دس پانچ آدمیون نی سنا ہو یا صدہا نی چار پانچ کی گواہی ہی قبول کیسی

کیسی مقدمہ مین کفایت کرجاتی ہی جہہ جای الیسی اقرارونکی ہین اگر یا قرار جناب کشیس سی کے
دس پانچ ہی نی سنا ہی تو بہی بہت ہی ثابت ہی کہ اول غلطی جب پیدا ہوتی جب جناب
مولوی صاحب مدعی ہوتی کہ مین لفظاً لفظاً نقلکرتا ہون اور جب نقل بالمعنی کی ہو تو
کیا ہرج ہی اور لفظ تم اور آپ مین باعتبار مصداق کی کچہہ فرق نہین گو ایک ان مین سی
مفید تعظیم زاید کا ہی اور اگر نقل بالمعنی کفایت نہین کرسکتی اور صحیح نہین ہوتی تو جناب
کشیس کو انجیل لوقا اور مرقس سی کہ روایات سنی سنائی بالمعنی نقلکرتی ہین اور ہرگز
دلیل معقول سی ثابت نہین ہوتا کہ صاحب الہام تہی اور انہون نی الہام سی اپنی
اپنی انجیل لکہی ہی ہاتہہ دہونا پڑیگا اور غلطی دوسری محض بیہودہ ہی اور وہ جو دلیل مین اسطرح ارشاد
ہوا کیونکہ وہ گفتگو خاص مفتی صاحب سے تہی نہ عام جلسہ سی قابل تعجب ہی کیونکہ اگر مخاطب کی
خصوصیت اسبات کو مستلزم ہو کہ دہی سنی تو لازم آتا ہی کہ دس پانچ لی ہی نہ سنا ہو اور
اسطرح جناب مولوی صاحب اور جناب کشیس کی تقریر کو بہی کسی نی نہ سنا ہو کہ اسیطرح فریقین
سی مخاطب خاص تہا مگر یہہ تو سراسر غلط ہی اور مخاطب کی خصوصیت ہرگز اسکو نہین
چاہتی بالخصوص ان جلسون مین جو صدہا آدمی محض سننی گفتگو فریقین کی لیئی آئی تہے
اور اندر کوٹہی سے کسی طرحکا شور و غل نہتا اور ہر شخص جانبین کی گفتگو کی سننی کو کان
لگائی ہوئی تہا پس سب صدہا آدمیونکی سننی سی کون چیز مانع تہی اور دو مغالطی باقی رہی ہیں
کہ مولوی صاحب نے لکہا کہ میننی بزرگونکی عمر کی سالونکی تحریف کا ذکر کیا تہا اور ڈاکٹر صاحب
نی ڈیڑہ لاکہہ یا تیس ہزار سہو کاتب موافق تقریر علماء مسیحی کی کہی تہی ان دونون پر جناب
کشیس یون قدح کرتی ہین پر میری دانست مین دس صاحب سی مباحثہ کے وقت
ذکر نہین ہوا یا اگر ذکر ہوا تو مجہہ سی نہین کہا گیا اور میری سننی مین نہین آیا کہتا ہون کہ
شاید جناب کشیس بہول گئی ہونگی اگر فرماوین تو محضرنامہ اور پہر پیش کرا کر انکو دکہلا یا

جاوی اور جناب مولوی صاحب کا ارادہ تہا کہ محضر اونکی خدمت مین روانہ کرتی مگر چو جناب کشیس نی اونکی
دوسری خط کو مسترد کر دیا تہا تو یہہ شبہہ ہوا کہ اوسکو بہی مسترد کردین گی اور اسیلی اونکی واسطی صاحب
سبحت شریف اور حافظ سید عبد اللہ صاحب اسسٹنٹ مترجم سرکاری نی اپنی
اپنی تحریر کو حاضرین کی مہرون اور گواہیون سی مزین کرایا ہی اور دونونکی تحریر پر مفتی صاحب
نی بہی جنکی دیانت جناب کشیس کی جلسہ ذکر اوپر گذرا ہوی ہی مثبت کی ہی اب جسکو
شبہہ ہو دونون تحریرون مین دیکہہ لی کہ ان دونون امرون مین مولوی صاحب کی تحریر اونکی
موافق ہی یا مخالف اور ... قول جناب کشیس کا بہی مردود ہی کہ خود گفتگو کی باتون مین اپنی
مبالغہ اور علاوہ بہی کیا ہی اسلئی اون تحریرونسی معلوم ہو جاویگا کہ اون مین کچہہ مبالغہ
اور علاوہ نہین اور نقل بالمعنی ہی اور جناب مولوی صاحب نی اپنی خط محررہ ۲۳ اپریل
مین بہی پہر کونکی عمر کی ساتونکی تحریف کا حال لکہا تہا جناب کشیس کو شاید وہ بہی
یاد نرہا ہوگا اور عبارت اوسکی یون ہی جلد اول تہری اور اسکات مین ہی کہ اکسٹاین
ہیودیون کو الزام تحریف تاریخون کا دیتا تہا کہ اونہون نی واسطی غیر معتبری ترجمہ یونانیہ کے
اور بسبب دشمنی دین عیسوی کی یہہ امر کیا تہا اور قدما مسیحیون مین یہہ رای عام تہی اور
کہتی تہی کہ سنہ ۱۳۰ عیسوی مین اونہون نی یہہ تحریف کی ہی انتہی ملخصا لیس اکسٹاین
اور آپ کی جمہور قدما کی نزدیک یہہ تحریف دوسری صدی مین ہوئی ہی اگر اس عبارت
مین بہی نسبت ہو کی جناب کشیس کو شبہہ واقع ہو تو وہ خط کو اونکی پاس سے نقل کو
اصل کی ساتہہ ملا کر لین اب ناظرین کی ہدایت کی لیی موافق اوس وعدہ کی جو اس
رسالہ کی صدر مین کر چکا ہون مباحثہ مذہبی مولفہ حافظ سید عبد اللہ صاحب کی آخر
سی عبارت جو بطور خلاصہ ... اور بعد دستخط کی مہرین اور گواہین مثبت ہین نقل کرتا ہون
وہ یہہ ہی الحمد للہ کہ یہہ مباحثہ تمام ہوا اور چونکہ بندہ دونون جلسون مین حاضر تہا
اور گفتگو ... کا ... لکہی ہی ... اون مین پادری فرنچ صاحب نی اس مباحثہ

مباحثہ کو دوسری دہنگ سے چہاپا ہے جسمین اکثر باتین ایسی ہین جو اوسوقت کہ طرفین
مین سے کسی نے نہین کہین اور بہتیری باتین ایسی ہین جنکی جوابون مین تحریف کرڈالی تو اسلئے یہہ رسالہ
سب صاحبونکی خدمت مین بہیجکر یہہ توقع رکہتا ہون کہ اگر یہہ مناظرہ جو ہمارے مسند نے قلم بند
کیا ہے مطابق واقع کے ہو تو اپنی اپنی دستخط سے مزین فرماوین جو لا تکتموا الشہادۃ و
من یکتمہا فانہ آثم قلبہ فقط

این کیفیت مناظرہ کہ تحریر یافتہ اللتیہ صحیح دیرجاست کتبہ محمد امیر اللہ وکیل راجہ بنارس

محمد امیر اللہ ہذہ المباحثہ وقع بحضوری فیض احمد قادری مہر مولوی فیض احمد صاحب سررشتہ دار

صدر بورڈ کل ما فی ہذہ الرسالہ حق وقع بحضری لی محمد سراج الحق پسر مولوی فیض احمد صاحب

مین دوسری روز کی مباحثہ مین موجود تہا اوس روز کی جسقدر نقل کی گئی نہایت منضبط

اور بہت صحیح اسد اللہ محمد مہر قاضی القضاۃ صاحب مین دونون جلسہ مباحثہ مین

شریک تہا سب تقریرین میری روبرو ہوئی اور بہت احتیاط سے ضبط کی گئی محمد ریاض الدین

مین دونون جلسہ مباحثہ مین شریک تہا سب تقریرین میری سامہنے ہوئی حافظ خدا بخش

مین دوسری روز کی مباحثہ مین تہا اوس روز کی تقریر صحیح طور پر منضبط ہوئی ہیں

محمد امجد علی سب تقریر منضبط ہے کچہہ خلاف نہین محمد قمر الاسلام امام جامع مسجد

ہذا بیان واقعی وقع فی الحضور لا شبہہ فیہ امام الدین ہذا التمیمی واسطے

وانا حاضر فی الجلستین خادم علی مہر منشی خادم علی صاحب مہتمم مطلع الاخبار

مین دونون مباحثہ مین شریک تہا اور سب تقریر منضبط حق ہے محمد جعفر بخش قادری

دوسری روز کی نصف جلسہ کی تقریرین سنی تہی ویسی ہی بعینہ تحریر ہین ذرا فرق نہین

محمد قمر الدین مہتمم اسعد الاخبار اول مدرس کشمیری کالج مین بہی دونون

جلسونکی جو تقریرین سنی وہی ان اوراق مین لکہی دیکہی راقم محمد عبد الشہید کولوی

بندہ دونون جلسون مین حاضر تہا سب تقریر لکہا ست استمین مندرج ہے

احقر العباد سید حافظ فضل حسین

اب تین باتین حضرات پادریون سے کے خدمت مین

واجب الاظہار ہین ایک یہہ کہ جبتک عہد عتیق اور عہد جدید کی سب وہی موضع جنمین تحریف
ہوگئی ہی اور جناب کشیس فنڈر صاحب اور جناب پادری فرنچ صاحب نی اوس تحریف
سی سات آٹھہ یا آٹھہ دس جا تو فقط عہد جدید مین مان لیا ہی تفصیلاً منضبط کرکی دلیل سی
یہہ بات ثابت ہووگی کہ ان تحریفونسی مقدس کتابونکی بٹا نہین لگا تو کبہی مقابلہ اہل اسلام
مین ان کتابون محرف کا ذکر ہی نکیجو چہ جائے اسکی کہ ایسی دلیل پکڑو اور یہہ امر آپکی ذمہ واجب
ہی اگرچہ جناب کشیس فنڈر صاحب اور جناب پادری فرنچ صاحب سی نہو سکا مگر اوس
بات کا خیال رکہیو جسکو جناب مولوی صاحب نے اپنی خط محررہ ۲۳ ذی حجہ مین موضع اول
کی اندر بیان کیا ہی دوسرے یہہ کہ ایسی نا انصافی نکیجو جیسی جناب کشیس نی کی کیونکہ خدا
کا خوف ایک بڑی چیز ہی اور اس قسم کی نا انصافی مین دنیا مین بہی بدنامی ہی تیسری
یہہ کہ اگر کوئی کلمہ اس رسالہ مین بہ نسبت جناب کشیس کی خلاف اونکی منصب کی
معلوم ہو تو اوسمین جناب کشیس بلکہ جناب لوتہر مصلح دین عیسوی بلکہ جناب مسیح و یحیی
علیہما السلام کا اتباع ہی مجہکو معاف رکہیو اور خیال رہی کہ یہہ تو آواز گنبد جیسی کہنی ویسی
ہی سنی مگر انشاء اللہ اگر جناب کشیس اور اور حضرات پادری الفاظ بی ادبی کی بہ نسبت
پیغمبر صلعم کی تحریر کرنی چہوڑ دینگی اور مطاعن مین ایسی الفاظ ذکر نکرینگی اور نہ بہ نسبت
علماء اسلامی کی اونکی تحریرات مین درشتی پائی جاویگی تو ہم ہی کمال ادب سی پیش آوینگے
اور گو مشنیری لوگ ہماری حاکم نہین اور محض چندہ سی تنخواہ پاتی ہین لیکن باوجود اوسکی
اس لحاظ سی کہ ہماری حکام ذوی الاقتدار کی ہموطن ہین ہم اونکا ادب مثل حکام
کی مد نظر رکہینگی اور تحریر اور تقریر مین محکوم ہونگی مانند اس طریقہ کو ہمیشہ واجب الرعایت
سمجہینگی اہدنا و ہدیکم الی صراط مستقیم ۔۔

اس رسالہ کی چھپنی کی بعد جناب پادری فرنچ صاحب کا خط وصول ہوا اور اوسکا چھاپنا ضرور ہوا اور
اوسمین بعض جا لفظ غلط اور بعض جا خلاف محاورہ املائی واقع ہین اور بعض جا عبارت سے مطلب اچھا نہین کھلتا
اور ہمکو نقل منظور ہی تو اسلئی اوسکی مطابق چھاپتی ہین ناظرین ہمکو معاف رکھین **پادری فرنچ صاحب کی**
خط کی نقل بخدمت مولوی صاحب رحمت اللہ افضل فضلاء دین محمدی سلامت بعد سلام تمہید کی
عرض یہہ ہی کہ جناب کا خط پرسون کا روز دست آیا اور افسوس تمام ہوئی کہ آج تلک ہمنی اپنی بیحد شغلون سی
کو چہہ فرصت و فراغت بالکل نہین پائی آپ معاف کیجئی جو سوالات جناب نی ہندی سی فرمائی ہین اگرچہ
عموم وقتی جملہ ہم اونکی جواب دینی کی قابل ہین اور کوئی مصححین کی تصنیفات ہی موجود ہین تو بھی چونکہ
دین حق کی طالبان متلاشی اسملک مین ہو تیری معلوم ہوتی ہین ہندی کا عذر یہی کہ کوئی ایسی بات عقلمند
کو منتی پہر مصححین کا راسی متفق حسب المقدور اپنی ہی تحقیق سی دریافت نہوا سو یہہ جائی تعجب اونکی
نزدیک نہونا چاہیئی کہ ہم مین بہت لوگ اونکی [illegible] ہین نہایت قابل اور فاضل دین کی علماؤن نی بیس
تیس٣٠ برسونکی محنت اور مشقت تمام سی صاف [illegible] پائی سندہ اونہین نی مصححین کی قاعدون اور طریقون
کی کامل آزمایش کی مرقوم اور مکتوب کیا چاہتی ہین تنقیحات تو ہمسی ہوئی جسسی اپنی ہی یقین یقینی اور
شبہات سی زیادہ کی کوئی پہنچی اوس گذری ہو تحقیق کا جو مصححین ہی ہوا ہی ایسا ہی کہ کبھو بیان کرنا کم
عیب جیسی اور نقطہ بین یا وہ کہ کچہہ عیب نہین لگا سکتی ہی دونون کا کام نہین ہی خدا تعالی اپنی بندی
نالائق کا ارادہ نیک انجام پر لاوی بہت تفہیم ان مطالب کا خلاصہ اسطرحسی بیان کیا جاتا ہی کہ
جسسی جناب کا مراد حاصل ہو بالفعل ہندی دل عمدہ شغلونکی اس طی مین مشتغل ہوا کہ خبر نہیں
یا اوس تاثیر اس کام کی مختوم کرنی مین لگی کا ہم اسفکر مین ہونگی کہ جتنی جلدی ایسی ہماری کام مین
ہو سکتی ہی [illegible] غلط تحریفیت کا عدد کا جو ہمارے بیان مین اختلاف ہوا اوسکی حقیقت حال
یہہ ہی کہ عدد کلان کی باب مین مصححین کا اتفاق کسی صورت مین نہین ہی جا بجا اپنی کتابون مین قریب
یقینی ہوا کہ وہ سہوا یا عمدا بہ ارادہ تحریف متن کی درمیان آئین پادری فرنچ کی طرف سی ستمبر
مہینے کی ۵ تاریخین

اس خط کے ملاحظہ سی تین باتین قابل اعتبار ہین ایک یہہ کہ جناب پادریصاحب نی اگرچہ بالفعل اون چار پانچ باتونکی
بیان تفصیلی سی جسکو مولویصاحب نی اپنی خط محررہ ۲۳ ذی حجہ مین بڑی منت سی چاہا تھا انکار کیا
اور عذر عدم فرصتی کا لیا مگر وعدہ فرمایا ہی کہ مدت بعد یہان سب مطالب کا خلاصہ اس طور سی
بیان کیا جاتا ہی جس سی جناب کا مراد حاصل ہو امید ہی کہ پادریصاحب اسکو وفا فرماوینگی خدا کری
کہ یہہ امر ہمارے نزدیک بہت جلد ظہور مین آوی کہ ہم بہی دیکہہ لین مگر بمقتضای انصاف پادریصاحب
پر لازم ہی کہ تا وفای وعدہ مسلمانون پر عہد عتیق اور جدید کی کتابون سی کوئی دلیل نہ لاوین اور انکی
پشتی سی ملت اسلامیہ کی اصول سی کسی اصل پر اعتراض نکرین دوسرا یہہ کہ جناب پادریصاحب اپنی تحریر
یعنی جناب شیخ فیض احمد صاحب کو سمجہا دینگی مین صاف اقرار کرتا ہون کہ چار پانچ آیتونکی متن مین سبب تصحیف
ہوا کہ یا سہوا یا عمدا بہ راہ تحریف متن کی درمیان آئین پس جواب نی باب اول میزان الحق کی تیسری فصل مین
مغالطہ دینی کو لکہا ہی اور مباحثہ کی تحریر مین تحریف کی لفظ کو اشتباہ کی ساتہہ محرف کر ڈالا ہی اچہا ہی
کیا اور آپنی اوس فصل مین کیون یہہ دعوی کیا ہی کہ وی یعنی محمدی لوگ ان چار سوالونکی جواب دیوی
ہین کہ آیا پہلی اور نئی عہد کی کتابین کس وقت بنین اور کن لوگونکی معرفت اور کیونکر تحریف ہوئین اور
پہر کی بدلی لفظ کونسی ہین یا ایک نسخہ کی قصدا ردی ہین اسلئی کہ محمدی تو تمہاری اور آپکی اقرار کی
موافق اس دین کو اداکی سمجہ پوشی ہو گئی ہین اور اونکا دین نسخونکی وہم سی کہ ان چار پانچ
آیتون محرف لکہی ہین بتلادین کہ کس وقت کن لوگونکی معرفت کس غرض کی لئی محرف ہوئی ہین ان چار
پانچ جا مین تہین بہی غرض کی لئی جن لوگون نی تحریف کی ہی اوسی غرض یا اونکی مثل کی لئی اونہین لوگون
اونکی بہائیون نی اہل کتاب سی ممکن ہی کہ اور جابجا کی ہو اور غریب مسلمان لوگ جب اوس دین سی ادا
ہو چکا اور اونکی رسید آپ سی مال چکی تہی پہر آپنی کیون یہہ فصل تیسری ایک وسیلہ اور حیلی چہوٹی میزان الحق کی
دفتر مین داخل کر رکہی ہی خدا کری جناب پادریصاحبکی سمجہانی سی جناب شیخ صاحب اوس سستی اور حیلی کو اوس
دفتر سی نکال پہینکین الحمد للہ کہ ابتک پادریصاحب انجیل مقدس کی اندر چار پانچ آیتین یعنی محرف
بتائی جاتی ہین اور تیسرا دونکی شریک کا ہی اقرار ہی پس اگر مسلمان سب آیتونسی قطع نظر

قطع نظر کرین اور انہی ہی اونکی اقرار پر اکتفا کرین تو بہی شمار تحقیقی فیصل میزان الحق سے کے باطل ہو جاتی ہے اور زور شور پادریون کا بابت تحریف کی اوٹہہ جاتا ہی سیوم یہہ کہ جو پادری صاحب نے جلسون مین سات آٹہہ یا آٹہہ دس جا انجیل مقدس کی اندر تحریف کا اقرار کیا تہا اور اونکی شریک نی بڑے تحقیق کی موافق چار پانچ جا لکہا ہی تو اس اختلاف کی عذر مین پادری صاحب یون فرماتی ہین کہ عدد کلمان کی باب مین ہماری مصححین کا اتفاق نہین ہے یعنی کوئی زیادہ کہتا ہی اور کوئی کم اسی جہت سی ہماری بیان مین اختلاف ہوا کہتا ہون مین کہ یہہ ثمرہ اسکا ہی کہ ہر آیتہ انجیل کی نہ متواتر اللفظ ہی اور نہ متواتر المعنی نہین تو تحریف کی بعد تسلیم اونکی تحریف کے اس اختلاف مصححین کی کہان گنجایش فقط

غلطنامہ محاکمہ بحث الشریف فی اثبات النسخ والتحریف

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴	۱	مدرسہ الف	مدرسہ
۳	۸	سکاتب	سکاتیب
۴	۱۲	فاسل	فایل
۵	۱۱	فعور نکرنا	[illegible]
۶	۸	ولیس	[illegible]
۸	۶	تحلیہ	تجلیہ
۸	۱۹	گروناسہ	[illegible]
۹	۲	ساقراہم	بی افراہم
ایضاً	۵	منسوخ	منسوخ
ایضاً	۶	طعی	طعنی
ایضاً	۷	دوجار	دوجا
ایضاً	ایضاً	اول جائر	اول جا
ایضاً	۲۱	[illegible]	[illegible]
۱۰	۱	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۲	اسکہ احکام	انکہ احکام
۱۱	۹	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۴	[illegible]	[illegible]
۱۲	۴	[illegible]	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲	۸	[illegible]	[illegible]
۱۶	۳	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۳	باعذار	باعذار
۲۱	۵	پذیر	پذیرا
ایضاً	۱۱	متقابلہ	متقابلہ لفظ
ایضاً	۱۶	مصنف	مصنفین
۲۲	۱۳	[illegible]	[illegible]
۲۳	۱۶	[illegible]	[illegible]
۲۵	۶	[illegible]	[illegible]
۲۷	۸	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۲	النقل	النقل
ایضاً	۱۵	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۶	[illegible]	[illegible]
۲۸	۱	عبارت صحیح	[illegible]
ایضاً	۱۱	[illegible]	[illegible]
۲۹	۱	[illegible]	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۰	۱۳	فرمایند	فرمایند
۳۱	۱	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۲	اخیرہ	اخیرہ
ایضاً	۴	کہ فلان	کہ فلان
ایضاً	۹	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۱	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۳	[illegible]	[illegible]
ایضاً	ایضاً	الحاف	الحافی
۳۲	۳۰	[illegible]	[illegible]
۳۳	۲	[illegible]	[illegible]
۳۴	۴	[illegible]	[illegible]
۳۴	۸	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۱۵	[illegible]	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۴	۱۷	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۲۰	[illegible]	[illegible]
ایضاً	ایضاً	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۲۱	[illegible]	[illegible]

غلطنامہ حاشیہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۸	۴	نمایند	نمایید
۱۱	۳	[illegible]	[illegible]
ایضاً	۵	[illegible]	[illegible]
۱۵	۱۲	[illegible]	ایشان را
ایضاً	۲۰	[illegible]	[illegible]

صفحہ سطر غلط صحیح [illegible]

غلط نامہ خطوط و محاکمہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
٢	٦	نسح	نسخ
٣	٣	مدنامی	بدنامی
ایضاً	٩	خطحسبا	خط حسبنا
ایضاً	١٠	کتبخذ مصری	کی مذمتانہ
٢	١	مولوالضیا حسب	مولوالصیا حسب
٧	١	نفش	النفس
٧	١١	القرص	القرض
٨	١٩	تسلیم	تسویم
٩	٣	اوحسیران	اوحسوین
ایضاً	١٥	انجیہ الاکمیں	الایمان حجتہ
ایضاً	١٩	نفرروبالوں	تفرروبالوں
١٠	١	وریدگی	[illegible]
١٠	٦	الحمد الله	الحمد لله
١١	٣	تحرلیف	تحریف
١٢	٩	خفط	حفظ
١٣	١٧	سرسہ	سرکنہ
١٤	٣	مبنی	بنی
ایضاً	١٤	طرالقین	طرفین
١٥	٣	استشاد	اسناد
ایضاً	١٥	سہرکی	اپکی
ایضاً	ایضاً	اپنی	اسپنی
ایضاً	٢١	کہا	کیا
١٦	١٣	منفی	سلفی
١٧	١٧	سیدلی	سہولی
ایضاً	١٨	[illegible]	[illegible]
ایضاً	١٩	[illegible]	سیرالی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١٨	٩	ذخیرہ	وتحریف
١٩	٤	شنائل	مسائل
٢٠	٢	اسلامی کے	اسلامی
ایضاً	٤	مبل	قبیل
ایضاً	٥	صنفی	صیغی
٢٢	١٨	بانجست	بابت
٢٤	٢	اسفاق	اشفاق
٢٥	٢	ایکی	ابکو
ایضاً	١٦	بچھی	سبھی
٢٨	٥	فتی	ستی
ایضاً	١٥	ہوا	ہو
٢٩	٢٠	اللہ	بلکہ
٣٥	١٤	سرفتہ	سرقتہ
ایضاً	١٩	لیسیا امر	بس الیس امر
٣٧	٨	سے	سے
٣٨	١٨	باررو	باردو
٣٩	١٨	فوامحرا	ستوامحوا
٤٠	١٠	قبیح کا	قبیح کی
٤١	١٣	تولی سیا	تولی کی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
٤١	١٥	نونونکی	نو
٤٢	٤	بابٹ	باب ٥
ایضاً	٧	هسلاح	اصطلاح
٤٤	٤	سب سب	سب کی سب
٤٥	٧	الشاط	الفاظ
٤٦	١٠	دہیہی	وہی سنی
٥١	١	اوسوقت ا	اوسوقت

اشتہار

غرض از تحریر این سطور اینکہ چون رسایل گفتگو
مذہبی مولفہ این راقم سطور بفخر المطابع
باہتمام حافظ عبد اللہ بن مولوی الہی بخش
صاحب مطبوع میشوند لہذا حق خود را بجناب
ممدوح بخشیدم اختیاری دارند کہ ہر رسالہ را
از رسایل مولفہ ام طبع کنند دیگر کسی خواہد
کہ اہتمام تصحیح بر ذمہ خود گرفتہ رسالہ را از
رسایل مذکورہ طبع نماید اجازت آن از مولوی
صاحب ممدوح حاصل سازد و بدون حاصل
کردن اجازت بطبع نپردازد فقط مہر ٥ ماہ شعبان المعظم
سنہ ١٣ ہجری مہر

رحمت اللہ